آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL Quetta
www.dailyshal.com

جلد نمبر 33 | بروز ہفتہ 09 جنوری 2021ء بمطابق 24 جمادی الاول 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 09

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	6:00
ظہر	1:45
عصر	4:00
مغرب	5:40
عشاء	07:00

اہل تشیع

فجر صبح	05:45
ظہرین	12:30
مغربین	6:15

کورونا مزید 47 افراد جان بحق، 2 ہزار سے زائد مثبت کیسز رپورٹ

گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 38 ہزار 369 کورونا ٹیسٹ کئے گئے، جس کے بعد مجموعی کووڈ 19 ٹیسٹس کی تعداد 70 لاکھ 002 ہزار 706 ہوگئی ہے

ملک بھر میں مزید 2 ہزار 435 مثبت کیسز رپورٹ ہوئے ہیں، اس طرح پاکستان میں کورونا کے مصدقہ مریضوں کی تعداد 4 لاکھ 97 ہزار 510 ہوگئی ہے

کورونا سے ایک دن میں 3 ہزار 313 مریض صحت یاب ہوئے جس کے بعد صحت یاب ہونے والے مریضوں کی تعداد 4 لاکھ 53 ہزار 828 ہوگئی ہے

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں کورونا وائرس سے گزشتہ روز 47 افراد چل بسے، دو ہزار سے زائد مثبت کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 38 ہزار 369 کورونا ٹیسٹ کئے گئے، جس کے بعد مجموعی کووڈ 19 ٹیسٹس کی تعداد 70 لاکھ 002 ہزار 706 ہوگئی ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک بھر میں مزید 2 ہزار 435 مثبت کیسز رپورٹ ہوئے ہیں، اس طرح پاکستان میں کورونا کے مصدقہ مریضوں کی تعداد 4 لاکھ 97 ہزار 510 ہوگئی ہے۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق
بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان امن و امان سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سانحہ مچھ میری آمد تک لاشوں کو دفنا کر بلیک میل نہیں کیا جاسکتا، وزیراعظم

لواحقین کے تمام مطالبات مان لئے، آپ تدفین کر دیں میں ضرور پہنچوں گا، کسی بھی ملک کے وزیراعظم کو اس طرح بلیک میل نہیں کرتے ورنہ ہر کوئی بلیک میل کریگا

کراچی میں علما کا قتل اور مچھ واقعہ بھی اسی سازش کا حصہ ہے، خفیہ ایجنسیوں نے چار بڑے واقعات کو رونما ہونے سے روکا، کابینہ میں بتایا تھا علما کو قتل کرکے انتشار پھیلایا جائیگا، بڑی مشکل سے ہم نے آگ بجھائی

خاص طور پر ڈاکوں کا ایک ٹولہ ڈھائی سال سے کرپشن کیسز معاف کرنے کے لیے بلیک میل کر رہا ہے، بھارت پاکستان میں فرقہ وارانہ انتشار پھیلانا چاہتا ہے، وزیراعظم کا تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ مچھ واقعہ پر ہزارہ برادری کے تمام مطالبات مان لیے ہیں، وزیراعظم کی آمد سے تدفین کو مشروط کرنا مناسب نہیں، آپ تدفین کر دیں میں ضرور پہنچوں گا، کسی بھی ملک کے وزیراعظم کو اس طرح بلیک میل نہیں کرتے ورنہ ہر کوئی بلیک میل کریگا، خاص طور پر ڈاکوں کا ایک ٹولہ ڈھائی سال سے کرپشن کیسز معاف کرنے کے لیے بلیک میل کر رہا ہے، بھارت پاکستان میں فرقہ وارانہ انتشار پھیلانا چاہتا ہے، کراچی میں علما کا قتل اور مچھ واقعہ بھی اسی سازش کا حصہ ہے، خفیہ ایجنسیوں نے چار بڑے واقعات کو رونما ہونے سے روکا، کابینہ میں بتایا تھا علما کو قتل کرکے انتشار پھیلایا جائیگا، بڑی مشکل سے ہم نے آگ بجھائی۔ اسلام آباد میں اکانومک زونز اتھارٹی کی لانچنگ تقریب سے خطاب
بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

مچھ واقعہ میں کان کنوں کے قتل کے خلاف دھرنا چھٹے روز بھی جاری رہا

شہر میں متفی 10 ڈگری سینٹی گریڈ میں جاری دھرنے میں مجلس وحدت المسلمین کے رہنما، کارکنان، ہزارہ کمیونٹی، لواحقین اور خواتین و بچے شریک ہیں

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مغربی بائی پاس پر مچھ واقعہ میں کان کنوں کے قتل کے خلاف دھرنا چھٹے روز بھی جاری رہا، شہر میں منفی 10 ڈگری سینٹی گریڈ میں جاری دھرنے میں مجلس وحدت المسلمین کے رہنما، کارکنان، ہزارہ کمیونٹی، لواحقین اور خواتین و بچے
بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

سانحہ مچھ میں 10 مزدوروں کو شہید کیا گیا ہے ترجمان لیاقت شاہوانی

کوئٹہ (آن لائن) حکومت بلوچستان کے ترجمان لیاقت شاہوانی نے کہا ہے کہ مچھ واقعہ میں 10 مزدور
بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

دو دن قبل لاپتہ ہونے والا شخص عبدالرازق زرگری کی لاش لورالائی کے علاقے ملک سلیم باغ سے برآمد

لورالائی (این این آئی) دو دن قبل لاپتہ ہونے والا شخص عبدالرازق زرگری کی لاش لورالائی کے علاقے
بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

واقعہ، سات افغان شہریوں میں سے 4 کے پاس مہاجر کارڈ جبکہ تین غیر قانونی طور پر مقیم تھے

کوئٹہ (آن لائن) مچھ واقعہ، سات افغان شہریوں میں سے 4 کے پاس مہاجر کارڈ جبکہ تین غیر قانونی
بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

نصرت شاہین نے سینیٹ کی رکنیت کا حلف اٹھالیا

اسلام آباد (این این آئی) نصرت شاہین نے سینیٹ کی رکنیت کا حلف اٹھالیا۔ جمعہ کو چیئرمین سینیٹ
بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

وزیراعظم عمران خان سے وزیر داخلہ شیخ رشید کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان سے وزیر داخلہ شیخ رشید نے ملاقات کی جس میں ہزارہ برادری کے دھرنے سے متعلق تبادلہ خیال کیا گیا۔

وزیراعظم نے بلیک میلنگ کا لفظ انہی لوگوں کیلئے استعمال کیا جو ہر معاملے پر سیاست کرتے ہیں، شبلی فراز

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ وزیراعظم نے بلیک میلنگ کا
بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

امریکی معاون وزیر دفاع ڈیوڈ ہیلوے کی چیف آف جنرل اسٹاف لیفٹیننٹ جنرل ساحر شمشاد مرزا سے ملاقات

راولپنڈی (این این آئی) امریکی معاون وزیر دفاع ڈیوڈ ہیلوے نے چیف آف جنرل اسٹاف
بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

پی ایس ایل 6 کی میزبانی لاہور اور کراچی کو دینے کا حتمی فیصلہ

لاہور (آن لائن) لاہور کا قذافی سٹیڈیم اور کراچی کا نیشنل سٹیڈیم 20 فروری سے پاکستان سپر لیگ (پی
بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

سانحہ مچھ شہدا کمیٹی نے وزیراعظم کا شہدا کی تدفین کا مطالبہ مسترد کر دیا

میتیں دفنانا ہوتی تو شدید سردی میں دھرنا دینے کی ضرورت کیوں پیش آتی، شہدا کمیٹی کا فیصلہ

کوئٹہ (آن لائن) سانحہ مچھ شہدا کمیٹی نے وزیراعظم کا شہدا کی تدفین کا مطالبہ مسترد کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق سانحہ مچھ کے شہدا کے لواحقین کا دھرنا چھٹے روز بھی جاری ہے۔ سانحہ مشعر کے مظاہرین نے لاشوں کی تدفین کو وزیراعظم عمران خان کی آمد سے
بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

صدر مملکت عارف علوی سے کیوبا کے سفیر کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال

امید ہے سبکدوش ہونے والے سفیر پاکستان اور کیوبا کے مابین تعلقات کو فروغ دینے کے لئے کام کرتے رہیں گے، صدر مملکت

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے کیوبا کے پاکستان میں سفیر گیبریل ٹیل کیپو نے الوداعی ملاقات کی جس میں مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ صدر مملکت عارف علوی نے کہا کہ پاکستان کیوبا کے ساتھ تعلقات کو خصوصی اہمیت دیتا ہے،
بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد پریس کانفرنس کر رہے ہیں

وزیراعظم کا بیان ہزارہ برداری کے نوجوانوں نے کوئٹہ پریس کلب کے باہر بھوک ہڑتالی کیمپ قائم کرلیا

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعظم کے ہزارہ برادری کے احتجاجی دھرنے سے متعلق بیان کے بعد ہزارہ برادری سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں نے کوئٹہ پریس کلب کے باہر بھوک ہڑتالی کیمپ قائم کرلیا وزیراعظم سے بیان واپس لیکر معافی مانگنے کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق جمعہ کو ہزارہ برادری سے تعلق رکھنے والے
بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: امیر جماعت اسلامی سراج الحق سانحہ مچھ کے بعد ہزارہ برادری کے دھرنے کے شرکاء سے اظہار یکجہتی کر رہے ہیں

جیلوں میں 500 قیدی کورونا کا شکار، وفاقی محتسب نے سپریم کورٹ میں رپورٹ جمع کروادی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی محتسب نے سپریم کورٹ میں رپورٹ جمع کروادی جس کے مطابق ملک بھر کی جیلوں میں 500 قیدی کورونا کا شکار ہوئے، سندھ کی جیلوں میں 291 مریض قید ہیں۔ وفاقی محتسب نے جیلوں میں قید خواتین کی حالت زار پر از خود نوٹس میں آٹھویں پیشرفت رپورٹ سپریم کورٹ میں جمع کروا
بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

آرمی چیف کی بحرین کی قیادت سے ملاقاتیں، دوطرفہ دفاعی تعاون اور علاقائی سلامتی پر گفتگو

مشق دہشت گردی کے خلاف دونوں ممالک کی مشترکہ کوششوں کی نشاندہی کرتی ہے

جنرل قمر جاوید باجوہ کا پاک بحرین مشترکہ فوجی مشق کی اختتامی تقریب کا مشاہدہ

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج کے سربراہ جنرل قمر جاوید باجوہ نے بحرینی قیادت سے ملاقاتیں کیں جس میں باہمی دلچسپی کے امور، دوطرفہ دفاعی تعاون اور علاقائی سلامتی کی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے بحرین کا سرکاری دورہ کیا اس دوران پاک فوج کے سربراہ نے بحرین کے ولی عہد شہزادہ سلمان بن حماد بن عیسیٰ الخلیفہ سے ملاقات کی۔ ترجمان پاک فوج کے
بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

سینیٹ، اپوزیشن کی وزیراعظم کے کوئٹہ نہ جانے پر کڑی تنقید، وزراء کا بھی بھرپور جواب

عمران خان خود تسلیم کرتے ہیں میں ناکام وزیراعظم ہوں، ہمارے وزیراعظم کو اجازت ملے گی تو تعزیت کیلئے جائیں، مولانا عطاء الرحمن، راجہ ظفر الحق و دیگر کا اظہار خیال

وزیراعظم فوری کوئٹہ نہیں جاسکے، ضرور جائیں گے، ماضی میں جلسوں پر گولیاں برسائی گئیں، ماڈل ٹاؤن کا واقعہ کب اور کس نے کیا؟ علی محمد خان

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹ میں اپوزیشن نے حکومت پر سیاسی کارکنوں کیخلاف کارروائیوں اور وزیراعظم کے کوئٹہ نہ جانے پر حکومت پر کڑی تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ عمران خان خود تسلیم کرتے ہیں میں ناکام وزیراعظم ہوں، ہمارے وزیراعظم کو اجازت ملے گی تو تعزیت کیلئے جائیں، نیب کا کام صرف سیاسی لوگوں کی پگڑیاں اچھالنا ہے، نیب میں پیش نہیں ہوں گے، حکومت، نیب، کوئی ادارہ یا کوئی اپنی حد میں رہے، ورنہ ہمارے صبر کا پیمانہ لبریز ہوگا، حکومت غیر قانونی طریقے سے مدت پوری کرنے کی کوشش نہ کرے جبکہ وزیر مملکت علی محمد خان نے اپوزیشن جواب دیتے
بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

تمام مطالبات منظور ہونے کے باوجود وہ کون ہیں جو شہدا کی لاشوں پر سیاست کر رہا ہے، علی زیدی

انسانی جان کی کوئی قیمت نہیں چکا سکتا تاہم معاوضے کی رقم کافی بڑھا دی ہے

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی وزیر برائے بحری امور علی زیدی نے کہا ہے کہ تمام مطالبات منظور ہونے کے باوجود وہ کون ہیں جو شہدا کی لاشوں پر سیاست کر رہا ہے۔ علی زیدی نے سانحہ مچھ کے متاثرین کے لیے تیار معاہدہ ٹوئٹر پر جاری کر دیا ہے۔ وفاقی وزیر نے سوشل
بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

حکومت شہدا مچھ کے لواحقین کے مطالبات دو روز قبل ہی مان چکی ہے، قاسم سوری

سانحہ مچھ انتہائی سفاکانہ فعل اور اس میں ملوث عناصر انسانیت کے دائرے سے خارج ہیں اس سانحہ کے بعد سے کوئٹہ میں ہوں

خدارا حالات کی نزاکت کا احساس کرتے ہوئے ہر پاکستانی ذمہ داری کا احساس اور مظاہرہ کریں، ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم خان سوری

کوئٹہ (این این آئی) ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم خان سوری نے کہا ہے کہ سانحہ مچھ انتہائی سفاکانہ فعل اور اس میں ملوث عناصر انسانیت کے دائرے سے خارج ہیں اس سانحہ کے بعد سے کوئٹہ میں ہوں اور وزیراعظم عمران خان کی خصوصی ہدایات پر وفاقی وزراء شیخ رشید، علی حیدر زیدی، زلفی بخاری کے ہمراہ اور الگ سے دھرنے کے منتظمین اور شہداء کے لواحقین سے کئی مرتبہ مذاکرات کیے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ شہداء کی میتیں اس طرح سڑک پر رکھ کر ان کی بے حرمتی ہو رہی ہے ہم سب کے لیے انتہائی تکلیف دہ عمل ہے ہمارے دین اسلام اور حضور نبی اکرم نے میت کو جلد دفنانے کا حکم دیا ہے جبکہ یہ شہداء کی میتیں ہیں انہوں نے مزید کہا کہ خدارا حالات کی نزاکت کا احساس کرتے ہوئے ہر پاکستانی ذمہ داری کا احساس اور مظاہرہ کریں حکومت شہداء مچھ سانحہ کے لواحقین کے مطالبات دو روز قبل ہی مان چکی ہے اور اس سلسلے میں پہلی مرتبہ قانونی طور پر تحریری معاہدہ بھی تیار ہے۔ ڈپٹی اسپیکر نے مزید کہا کہ
بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

پی ڈی ایم اے کے جلسے ناکام ہو رہے ہیں، اگلے تین ماہ سیاست میں بہت اہم ہیں، وزیر داخلہ

ویزے آن لائن کرکے کرپشن ختم کردی، ایگزٹ کا ویزہ بھی آن لائن کر رہے ہیں، شیخ رشید

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم اے کے جلسے ناکام ہو رہے ہیں، اگلے تین ماہ سیاست میں بہت اہم ہیں ویزے آن لائن کرکے کرپشن ختم کر دی، ایگزٹ کا ویزہ بھی آن لائن کر رہے ہیں، ایف آئی اے اور نادرا کو بھی ٹھیک کریں گے، وزیراعظم کسی بھی وقت کوئٹہ جاسکتے ہیں، آئی جی اسلام آباد کو اسامہ ستی کے حساس معاملے پر بتایا، ایف آئی اے کے افسران کو بھی تبدیل کریں گے۔ وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے پولیس اکیڈمی اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ساری چیک پوسٹس ختم کیں، چھ وارداتوں میں سے چار پکڑے گئے
بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

شہدا کی تدفین میں رکاوٹ لواحقین نہیں وزیراعظم ہیں، سراج الحق

قانون کو ہاتھ میں نہیں لینا، پتھر نہیں اٹھانا، ڈنڈا اور گولی نہیں چلانی، یہی ایک شہری کا کام ہے

حکومت ماں بن کر مظلوموں کو اپنی گود لے لے اور ان کا سہارا بن جائے، دھرنے سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی سینیٹر سراج الحق نے کہا ہے کہ مچھ میں قتل افراد کی تدفین میں رکاوٹ شہداء کے لواحقین نہیں بلکہ وزیراعظم ہیں، قانون کو ہاتھ میں نہیں لینا، پتھر نہیں اٹھانا، ڈنڈا اور گولی نہیں چلانی، یہی ایک شہری کا کام ہے، حکومت ماں بن کر مظلوموں کو اپنی گود لے لے اور ان کا سہارا بن جائے۔ کوئٹہ میں دھرنے کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے سراج الحق نے کہا کہ ہم آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں کہ پاکستان ایک اسلامی ملک ہے اور ایک اسلامی اور جمہوری ملک میں یہ درندگی، یہ بربریت اور یہ دہشت کیوں ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے بھائیوں کو گلیاں مار کر ذبح کیا گیا تاہم اس سے بڑھ کر ظلم یہ ہے کہ یہاں کچھ لاشیں موجود ہیں جن میں روح نہیں ہے اور کچھ زندہ لاشیں اسلام آباد میں ہیں جو مظلوم کی آواز، ان کی آہ و بکا اور فریاد نہیں سن رہے ہیں جو اپنے آپ کو حکمران کہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ 10 لوگوں کو ذبح نہیں کیا گیا بلکہ 22 کروڑ عوام کو ذبح کیا گیا ہے، غریب اور
بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

نیب ہمیں بتائے کہ حمزہ شہباز کیس کا ٹرائل کب مکمل ہوگا، عدالت عظمیٰ

حمزہ شہباز کی درخواست ضمانت، مناسب نہیں ملزم ٹرائل کی تکمیل تک جیل میں رہے

سپریم کورٹ نیب مقدمات کی روزانہ کی بنیاد پر سماعت کا حکم دے چکی، سپریم کورٹ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں پنجاب اسمبلی کے اپوزیشن لیڈر اور مسلم لیگ (ن) کے رہنما حمزہ شہباز کی درخواست ضمانت پر سماعت کے دوران جسٹس یحییٰ آفریدی نے ریمارکس دیے ہیں کہ ٹرائل کے مکمل ہونے تک ملزم کو جیل میں رکھنا مناسب نہیں۔ جسٹس مشیر عالم کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے تین رکنی بنچ نے حمزہ شہباز کی درخواست ضمانت پر سماعت کی۔ دوران سماعت نیب پراسیکیوٹر نے عدالت کو بتایا کہ سپریم کورٹ کے حکم کے مطابق احتساب
بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

انشاء اللہ ملزمان تک پہنچ کر انہیں کیفر کردار تک پہنچائیں گے، وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیا اللہ لانگو

کوئٹہ (این این آئی) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ دہشتگردوں سے متعلق اہم معلومات ہاتھ لگی ہیں، سانحہ مچھ میں ملوث عناصر کی گرفتاری کے لئے انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں شروع کردی ہیں، انشاء اللہ ملزمان تک پہنچ کر انہیں کیفر کردار تک پہنچائیں گے۔ یہ بات انہوں نے اپنے ایک ویڈیو
بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی سے کیوبا کے سفیر گیبریل ٹیل کیپو نے الوداعی ملاقات کر رہے ہیں

ہر باشعور شخص کو ہر قسم کی دہشت گردی کی مذمت کرنے چاہیے، نواب محمد اسلم رئیسانی

کوئٹہ (آن لائن) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان نواب محمد اسلم رئیسانی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہر باشعور شخص کو ہر قسم کی دہشت گردی کی مذمت کرنے چاہیے، اگر ریاست دہشت گردوں کی سرپرستی کرتی ہے وہ ریاست بھی دہشت پرست کہلانے کی لائق ہے، ظلم کے خلاف لکھا ہو
بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

احتجاج و مظاہرہ ہر شہری کا بنیادی آئینی حق ہے کسی کے احتجاج کے خلاف نہیں، خالق ہزارہ

میتوں کا سہارا لیکر احتجاج مناسب نہیں قومی حقوق و بقا کے لئے جدوجہد پارٹی منشور کا حصہ ہے

ہمیں قوم، شہر اور صوبہ کے حوالے سے ناعاقبت اندیشی کی بجائے دور اندیشی کا مظاہرہ کرنا ہوگا

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی کونسل کا اجلاس زیر صدارت چیئرمین عبدالخالق ہزارہ منعقد ہوا اس موقع پر مرکزی سیکرٹری جنرل احمد علی کوہزاد، رکن صوبائی اسمبلی قادر علی نائل و دیگر بھی موجود تھے اجلاس میں کہا گیا ہے کہ احتجاج و مظاہرہ ہر شہری کا بنیادی آئینی حق ہے کسی کے احتجاج کے خلاف نہیں، میتوں کا سہارا لیکر احتجاج مناسب نہیں قومی حقوق و بقا کے لئے جدوجہد پارٹی منشور کا حصہ ہے، اسمبلی فلور اور حکومتی فورم پر حقوق کے دفاع کی جدوجہد کر رہے ہیں
بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

وزیراعظم اپنے آپ کو محفوظ نہیں سمجھتا تو عوام کا اللہ ہی حافظ ہے، سردار اختر مینگل

حکومت کو اپوزیشن جماعتوں کو دہشتگردوں سے خطرہ تو نظر آتا ہے لیکن عوام کو ان دہشتگردوں سے خطرہ حکمرانوں کو نظر نہیں آتا

شہداء کے لواحقین لاشیں رکھ کر یہ محسوس کرا رہے ہیں کہ وہ آج بھی غیر محفوظ ہیں، جب چوروں اور دہشتگردوں کی سرپرستی ہوگی تو ان کی حوصلہ شکنی نہیں بلکہ حوصلہ افزائی ہوگی

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل نے کہا ہے کہ جب ملک کا وزیراعظم اپنے آپ کو محفوظ نہیں سمجھتا تو اس ملک کی عوام کا اللہ ہی حافظ ہے، حکومت کو اپوزیشن جماعتوں کو دہشتگردوں سے خطرہ تو نظر آتا ہے لیکن عوام کو ان دہشتگردوں سے خطرہ حکمرانوں کو نظر نہیں آتا، عمران خان نے اپنے مشیروں اور وزیروں کو بھیج کر لواحقین کے زخموں پر مرہم رکھنے کی بجائے نمک پاشی کی، نیوزی لینڈ کی وزیراعظم نے منتخب وزیراعظم کی حیثیت سے اپنی ذمہ داری نبھاتے ہوئے مسلمانوں سے یکجہتی کی انہیں کا پتہ سے اجازت لینے کی ضرورت نہیں پڑی، وزارت عظمیٰ کی کرسی پر بیٹھنے کے بعد وہ عمران خان اب پاکستان میں نظر نہیں آرہے یا شاید بلوچستان کے لوگوں کی طرح گمشدہ لوگوں میں تو شامل نہیں ہے، شہداء کے لواحقین
بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

کپتان کی فرعونیت بھرا لہجہ بتا رہا ہے، انکے دن گنے جاچکے ہیں، اسفندیار ولی

کوئٹہ میں لاشیں پڑی ہیں لیکن وزیراعظم ہاؤس میں بٹھائے گئے شخص کے سینے میں دل ہی نہیں

کوئٹہ (آن لائن) پشاور/کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے سربراہ اسفندیار ولی خان نے وزیراعظم عمران خان کے مچھ واقعہ سے متعلق بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ کپتان کی فرعونیت بھرا لہجہ بتا رہا ہے، انکے دن گنے جاچکے ہیں، ہزارہ برادری کو دھمکی آمیز باتیں کرنا زخموں پر نمک پاشی کے مترادف اور قابل مذمت ہے۔ وزیراعظم اگر عوام کا نہیں تو کس کا ہے؟ کوئٹہ میں لاشیں پڑی ہیں لیکن وزیراعظم ہاؤس میں بٹھائے گئے شخص کے سینے میں دل ہی نہیں، انسانوں پر
بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

ہزارہ برادری کے تمام مطالبات قبول کرلیے گئے ہیں، شیخ رشید

ہمیں امید ہے کہ مسئلہ جلد طے ہو جائے گا جے آئی ٹی بن گئی ہے، ڈی سی اور ڈی پی او سمیت ساری انتظامیہ کو معطل کر دیا گیا ہے

وزیراعظم کے تاحال نہ جانے کی بہت ساری وجوہات ہیں جن کو منظر عام پر نہیں لایا جاسکتا عمران خان کسی بھی وقت جاسکتے ہیں

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) وزیر داخلہ شیخ رشید نے کہا کہ ہزارہ برادری کے تمام مطالبات قبول کر لیے گئے ہیں اور ہمیں امید ہے کہ مسئلہ جلد طے ہو جائے گا جے آئی ٹی بن گئی ہے، ڈی سی اور ڈی پی او سمیت ساری انتظامیہ کو معطل کر دیا گیا ہے۔ وزیراعظم کے تاحال نہ جانے کی بہت ساری وجوہات ہیں جن کو منظر عام پر نہیں لایا جاسکتا۔ عمران خان کسی بھی وقت جاسکتے ہیں لیکن ہماری جستجو ہے کہ طریقے اور سلیقے سے جائیں کسی قسم کی بدمزگی نہ ہو گزشتہ روز میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید نے کہا کہ جیسے ہی معاملہ طے ہوا وزیراعظم روانہ ہو جائیں گے۔ وزیراعظم کے دو وزراء وہاں مذاکرات کیلئے موجود ہیں اور امید ہے کہ کوئی اچھا نتیجہ نکلے گا۔ شیخ رشید نے کہا عمران خان کی خواہش ہے کہ وہ وہاں جائیں اور تدفین ہو چکی
بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

انچیل مجسٹریٹ کی سربراہی میں 4 رکنی کمیٹی نے دھرنے کے منتظمین سے اہم و ضروری معلومات طلب کی ہے

جس میں پہلی بات ان سے 7 افغان شہداء کی میتوں کی فوری طور پر حوالگی کا مطالبہ ہے، ضلعی انتظامیہ کوئٹہ

کوئٹہ (این این آئی) ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی جانب سے ایک پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ اسپیشل مجسٹریٹ کی سربراہی میں 4 رکنی کمیٹی نے مچھ سانحہ کے دھرنے کے منتظمین سے اہم و ضروری معلومات طلب کی ہے جس میں پہلی بات ان سے 7 افغان شہداء کی میتوں کی فوری طور پر حوالگی کا مطالبہ ہے کیونکہ افغان حکومت نے پاکستانی وزارت خارجہ کو تحریری طور پر ان میتوں کی حوالگی کا مطالبہ کیا ہے، ضلعی انتظامیہ نے دھرنے کے منتظمین کو خبردار کیا ہے کہ صوبے میں کرونا وائرس کے
بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

قلات میں تاریخی سردی، درجہ حرارت منفی 13 ریکارڈ

قلات (آن لائن) قلات میں تاریخی سردی، درجہ حرارت منفی 13 ریکارڈ، خون جما دینے والی سردی میں لوگ گھروں میں محصور ہوکر رہ گئے۔ پانی کی پائپ لائنیں جم کر پھٹ گئیں۔ پانی کی سپلائی معطل، شدید سردی گیس پریشر مکمل غائب بجلی کی آنکھ مچولی، عوام کو
بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

لائیو اسٹاک کا شعبہ بلوچستان کی ترقی میں بنیادی اہمیت کا حامل ہے

اس شعبے میں سرمایہ کاری کو فروغ دیکر کثیر زر مبادلہ حاصل کیا جاسکتا ہے، فرمان زرکون

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو فرمان زرکون نے کہا ہے کہ لائیو اسٹاک کا شعبہ بلوچستان کی ترقی میں بنیادی اہمیت کا حامل ہے۔ اس شعبے میں سرمایہ کاری کو فروغ دیکر کثیر زر مبادلہ حاصل کیا جاسکتا ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ صوبے کی زرعی آمدن میں لائیو اسٹاک کا حصہ 47 فیصد ہے جبکہ بلوچستان کی 93 فیصد سے زائد زمین اس کیلئے موزوں ہے، یہاں 6 زرعی ماحولیاتی زون پائے جاتے ہیں، انہوں نے کہا کہ جانوروں کی پرورش اور ڈیری
بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

سیکرٹری دفاع سے سعودی عرب کے سفیر کی ملاقات، علاقائی سیکیورٹی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) سیکرٹری دفاع، لیفٹیننٹ جنرل (ر) میاں محمد ہلال حسین سے سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید المالکی نے وزارت دفاع میں ملاقات کی۔ سیکرٹری دفاع نے اس موقع پر کہا کہ پاکستان سعودی عرب کے ساتھ اپنے تعلقات کو بہت
بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

جماعت اسلامی پاکستان کے امیر سینیٹر سراج الحق کی حافظ حسین احمد سے ملاقات

ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال، ملی یکجہتی کونسل سمیت دینی جماعتوں کے اتحاد پر گفتگو

کوئٹہ (این این آئی) جماعت اسلامی پاکستان کے امیر سینیٹر سراج الحق کی حافظ حسین احمد سے ملاقات، ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال، ملی یکجہتی کونسل سمیت دینی جماعتوں کے اتحاد پر گفتگو تفصیلات کے مطابق جماعت اسلامی پاکستان کے امیر سینیٹر سراج الحق نے جامعہ مطلع العلوم کوئٹہ پہنچ کر جمعیت علماء اسلام پاکستان کے سینئر رہنما سابق سینیٹر حافظ حسین احمد سے والدہ کی وفات پر تعزیت کی، اس موقع پر دونوں رہنماؤں نے ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال، ملی یکجہتی کونسل اور دینی
بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

کوئٹہ: مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز فیصل ایدھی سے ملاقات کر رہی ہیں

بھارت بلوچستان میں دہشتگردی کیلئے فنڈنگ کر رہا ہے، نور محمد دمڑ

اہل بلوچستان اپنے اس صوبے کو پرامن، ترقی یافتہ اور خوشحال دیکھنا چاہتے ہیں بلوچستان کو پرامن دیکھنے کا خواب ہر صورت پورا کریگے

بدقسمتی سے مریم نواز اور بلاول بھٹو نے سانحہ مچھ پر بھی کارڈ کا لگانے سے گریز نہیں کیا، صوبائی وزیر

کوئٹہ (این این آئی) بی اے پی کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ یہ وقت لاشوں پر سیاست کا نہیں بلکہ اتحاد و یکجہتی کا مظاہرہ کو کرنا چاہیے بھارت بلوچستان میں دہشت گردی کیلئے فنڈنگ کر رہا ہے ہزارہ برادری اپنے پیاروں کی تدفین کرے مریم نواز اور بلاول بھٹو نے سانحہ مچھ پر بھی کارڈ کا لگانے سے گریز نہیں کیا مریم بی بی اور بلاول سمیت پی ڈی ایم پانچ روز سے متاثرین کے غم سے بے خبر ہوکر بیجا جلسوں میں مصروف عمل تھیں اگر پی ڈی ایم کو متاثرین کا درد ہوتا تو سیاسی پروگرام ملتوی کرتے وزیراعظم کی ہدایت پر وفاقی وزیر داخلہ، وفاقی وزراء
بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

کوئٹہ کی ضلعی انتظامیہ کا سیکورٹی خدشات اور کورونا وائرس کے پھیلاؤ کے پیش نظر مغربی بائی پاس دھرنے کے منتظمین سے دھرنا ختم کرنے کی درخواست کردی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کی ضلعی انتظامیہ نے سیکورٹی خدشات اور کورونا وائرس کے پھیلاؤ کے پیش نظر مغربی بائی پاس دھرنے کے منتظمین سے دھرنا ختم کرنے کی درخواست کردی، جمعہ کو ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کے دستخط سے مجلس وحدت المسلمین کے رہنما، آغا رضا، علامہ ہاشم موسوی، علامہ کاظم بہشتی، علامہ موسوی، علامہ حسنین حسینی
بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ جناب جسٹس جمال خان مندوخیل کوئٹہ کے دورے کے موقع پر سپرنٹنڈنٹ جیل بریفنگ دے رہے ہیں

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.pk

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

09 جنوری 2021ء

پاکستان میں دہشتگردی کی نئی لہر ہے

وزیر داخلہ شیخ رشید احمد کے مطابق پاکستان میں دہشتگردی کی نئی لہر ہے، اسلام آباد لاہور پشاور اور کوئٹہ میں دہشتگردی کے خطرات ہیں، ہزارہ کمیونٹی کے قتل میں انٹرنیشنل مافیا ملوث ہے، داعش سمیت دیگر تنظیموں کا نام آرہا ہے مگر ابھی بطور وزیر داخلہ کنفرم نہیں بتاسکتا، مچھ واقعہ کچھ لوگ سیاست کررہے ہیں، ہزارہ کمیونٹی کو کئی عرصے سے زیادتی ہورہی ہے، شیعہ سنی فساد کو ہوا دینے کی کوشش کی جارہی ہے، ہزارہ کمیونٹی کے قتل میں انٹرنیشنل مافیا ملوث ہے۔ چار ایسے گرہوں کو پکڑا جو شیعہ سنی کے درمیان لڑائی کروانا چاہتے تھے، ہم جیسے ہی تدفین ہوگی، وزیر اعظم جانے کے تیار ہیں، عمران خان چاہتے ہیں تدفین کے بعد جائیں تاکے کھل کر بات چیت ہوسکے۔ شہید افغانی شہریوں کو بھی برابر معاوضہ دیا جائے گا، اسلام آباد کی سیکورٹی کے لیے بہترین اقدامات کریں گے۔ ایف سی کو ہدایات دی ہیں کہ اس واقعہ میں ملوث افراد کو سرچ آپریشن کرکے قرار واقعی سزا دی جائے۔ ہزارہ کمیونٹی واقعہ پر تمام انتظامیہ کو معطل کردیا گیا ہے، اس واقعہ پر بہت سے اقدامات لیے گئے ہیں مگر شیئر نہیں کرسکتے' داعش سمیت دیگر تنظیموں کا نام آرہا ہے مگر ابھی بطور وزیر داخلہ کنفرم نہیں بتاسکتا۔

بے اعتباری حکومت

محسن گوارب

کاروبار دنیا ہی نہیں کاروبار مملکت وسلطنت کی بنیاد بھی اعتبار اور اعتماد پر ہوتی ہے، جہاں اس کا فقدان ہو وہاں کوئی کام ڈھنگ سے انجام دیا ممکن ہی نہیں ہوتا، والدین کو اولاد، اولاد کو والدین، بیوی کو شوہر اور شوہر کو بیوی پر اعتماد اور اعتبار نہ ہو تو گھر کی گاڑی کامیابی سے نہیں چلائی جا سکتی، ایسے ہی ریاست کے ذمہ دار اداروں اور افراد میں اعتماد اور اعتبار کی فضا نہ ہو تو کوئی ادارہ فرائض کی انجام دہی کر سکتا ہے نہ کوئی فرد فرائض منصبی ادا کر سکتا ہے، زوال پذیر ممالک کی تباہی و بربادی کی بنیادی وجہ اعتماد اور اعتبار کی کمی ہوتی ہے، ماضی کی عظیم الشان ریاستیں، جنہوں نے صدیوں کسی علاقہ میں حکمرانی کی اعتماد و اعتبار کے رخصت ہوتے ہی وہ حکومتیں بھی ذلت و رسوائی کا شکار ہو کر تاریخ کی کتابوں میں دفن ہوگئیں۔ پاکستان میں بھی عدم اعتمادی اور بے اعتباری کے آسیب کا سایہ ہے جس کی بناء پر حکومتیں بنتی ہیں مگر کوئی بھی حکومت اپنے منشور کے مطابق ملک و قوم کی خدمت کرنے سے عاری رہتی ہے۔

تحریک انصاف کی حکومت بھی بہت سے وعدے وعید کے بعد حکومت سازی کے قابل ہوئی، عمران خان نے انتخابی مہم کے دوران قوم سے ایسے وعدے اور عہد کئے جو ان سے پہلے کسی نے نہ کئے تھے، اسی لئے قوم نے ان کو حکومت کا مینڈیٹ دیا، مگر ان کی حکومت نہ تو وعدے پورے کر پائی اور نہ سمت اور منزل کا تعین کر سکی، عوام آج بھی انہی مشکلات سے دوچار ہیں جن سے گزشتہ 73 سال سے نبرد آزما تھے۔ اس صورتحال کی بنیادی وجہ وزیر اعظم کا اپنی کابینہ کے ارکان پر اعتماد اور اعتبار نہ ہونا ہے اس وجہ سے کابینہ کے ارکان بھی بداعتمادی اور بے اعتباری سے دوچار ہیں، حکومت کو بیوروکریسی پر بھی اعتبار نہیں، اور بیوروکریسی تو یوں ہی بداعتمادی کی چکی میں پس رہی ہے، کوئی نہیں جانتا وزارت کا قلمدان کب تک اس کے ہاتھ میں ہے کوئی بیوروکریٹ نہیں جانتا وہ اپنے عہدے سے کب فارغ کر دیا جائے، یہی وجہ ہے کہ اب تک وزیر اعظم با اعتماد ٹیم بنانے میں کامیاب نہیں ہو پائے۔

شیخ رشید، اسد عمر، بریگیڈیر اعجاز شاہ، فواد چودھری سمیت متعدد با اعتماد رہنماؤں کی وزارتوں کو بار بار تبدیل کیا گیا، ان پر اعتبار ہی نہیں کیا جاتا، فردوس عاشق اعوان کو پہلے وفاق میں بٹھایا گیا، پھر پنجاب میں مشیر بنا دیا گیا، فیاض چوہان کی وزارت تین مرتبہ تبدیل کی گئی، جب جی چاہا آسمان پر بٹھا دیا اور جب دل کیا فرش نشین کر دیا گیا، پنجاب میں چیف سیکریٹری اور آئی جی کے اہم ترین عہدے پر اتنی مرتبہ تبدیلی کی گئی کہ اب جو افسران عہدوں پر متمکن ہیں ان کو اعتبار ہی نہیں کہ وہ چیف سیکرٹری یا آئی جی ہیں۔ یہاں میجر اعظم سلیمان اور یوسف نسیم کھوکھر جیسے اعلیٰ چیف سیکرٹریوں پر اعتبار نہیں کیا گیا۔ پنجاب میں اب ایک محقق افسر طاہر خورشید وزیر اعلیٰ کے پرنسپل سیکرٹری ہیں تو ان پر ہی اعتماد اور اعتبار کیا جائے۔ لاہور کے کتنے ہی سی سی پی او تبدیل کرنے ہیں، کسی پر تو اعتبار کر لیں۔ تحریک انصاف کا نعرہ تبدیلی تھا، ملک میں ابھی تک تو وہ تبدیلی نہ لا سکی قوم کے حالات تو نہ سدھرے شائد وہ اپنا شوق وزراء اور بیوروکریسی کی تبدیلیوں سے پورا کر رہی ہے، مگر اس طرح بھی حقیقی تبدیلی نہیں آتی، تبدیلی کے لئے با اعتماد، تربیت یافتہ ٹیم کی ضرورت ہوتی ہے، ٹیم کے اہم ارکان میں اعتماد نہ ہو اور ذمہ داروں کو ان پر اعتبار نہ ہو تو کوئی کیسے اپنی کارکردگی دکھا سکتا ہے، اہم نوعیت کے محکموں کو چلانا اور ڈیلیور کرنا، نتائج نہیں آسکتے جب تک ٹیم کے ارکان پر اعتبار نہ کیا جائے، دنیا بھر میں فارمولا ہے کہ کام کرنے کیلئے خوشگوار ماحول اور تحفظ کیساتھ فری ہینڈ سب پر نظر رکھو اور ان پر اعتبار بھی کرو، مگر یہاں صرف شک کیا جاتا ہے، کام کرنے کا ماحول دیا گیا نہ تحفظ اور نہ ہی ان پر اعتبار کیا گیا، ایسے میں تبدیلی کیسے ممکن ہوگی اور وعدوں پر عمل کیسے ہوگا، اگر اعتماد و اعتبار کی فضا قائم نہ کی گئی تو اب بھی ڈھاک کے وہی تین پات رہیں گے۔

جناب وزیر اعظم زیرک اور دانشمند کپتان دستیاب ٹیم سے ہی بہتر سے بہتر کارکردگی کی توقع کرتے ہیں، ان پر اعتبار کرتے ہیں، فرشتوں کا انتظار نہیں کرتے، اس کا بہترین طریقہ ہے ٹیم کے ارکان کو اعتماد دینا، ان پر اعتبار کرنا، وقت دینا، ماحول اور تحفظ دینا، اس سب کیساتھ ٹاسک دیکر نتائج مانگنا، کوئی کیسے نتائج دیگا جب اس پر اعتبار ہی نہ کیا جائے، اسے ملازمت کا تحفظ حاصل نہ ہو اور کام کرنے کیلئے خوشگوار ماحول میسر نہ ہو۔ جناب وزیر اعظم اعتماد، اعتبار ہی بنیاد ہوتے ہیں ریاست کو چلانے کیلئے، اگر کپتان کو ٹیم پر اعتماد اور اعتبار نہ ہو تو بہترین کھلاڑی بھی کارکردگی نہیں دکھا سکتے، بہت سا پانی پلوں کے نیچے سے گزر چکا، بہت سی گھڑیاں بیت چکیں باقی جو بچی ہیں ان کو غنیمت جانیں، اپنی ٹیم پر اعتبار کریں تاکہ وزراء، بیوروکریٹ دل جمعی سے کام کر کے نتائج دیں، ورنہ "اکیلے پھر رہے ہو یوسف بے کارواں ہو کر"

برطانوی بریگزٹ کے پاکستان پر اثرات

شیخ جواد حسین

آخر 47 سال بعد برطانیہ ایک مرتبہ پھر "آزاد اور خود مختار" ریاست بن کر دنیا کے نقشے پر نمودار ہو گیا، درحقیقت برطانیہ کی یورپ کے ساتھ ایک لمبی تاریخ ہے جو صدیوں پر محیط ہے جو کبھی جنگ تو کبھی عہد و پیماں، کبھی قربت و رفاقت تو کبھی نفرت و بیزاری کا مرکب ہے، ان تمام ادوار و لمحات میں برطانیہ بہت سے نشیب و فراز سے گزرا جس میں چرچل کے خون آلودہ برطانیہ سے لے کر بورس جانسن کے الگ تھلگ اور آزاد وتنہا برطانیہ تک کا سفر شامل ہے۔

2016ء میں ایک عوامی ریفرنڈم کے بعد 52 فیصد برطانوی شہریوں نے یورپ سے علیحدگی اور 48 فیصد نے بریگزٹ کی مخالفت میں ووٹ دے کر اپنا احتجاج ریکارڈ کروایا، مجھے ان سارے مراحل کو بہت قریب سے دیکھنے کا موقعہ ملا۔ میرے مشاہدے، تجزیے اور عوامی سرویز کے مطابق جن افراد نے بریگزٹ کے حق میں ووٹ دیا ان میں سے بڑی تعداد کو بریگزٹ کے بارے میں مکمل آگاہی نہیں تھی۔ کچھ لوگوں کا خیال تھا کہ بریگزٹ کا مطلب غیر ملکی شہریوں کا برطانیہ سے مکمل انخلا ہے تو کچھ اس کو مسلمانوں کے برطانیہ سے نکالے جانے سے تعبیر کرتے رہے۔ بہت سے پیچ و خم کے ساتھ یہ مرحلہ بھی مکمل ہو گیا اور اس معاملے کے مکمل ہوتے ہی برطانیہ و یورپ میں کہیں خوشیوں کے شادیانے بجائے گئے تو کہیں افسوس کا اظہار کیا گیا۔

برطانیہ کے یورپ سے علیحدگی اختیار کرنے کے پاکستان پر کیا اثرات مرتب ہو سکتے ہیں؟ یہ سوال بھی بہت اہم ہے چونکہ جس طرح اس کے اثرات باقی دنیا پر ہوں گے اسی طرح پاکستان پر بھی بہت گہرے اثرات مرتب ہو سکتے ہیں، اس وقت لاکھوں پاکستانی شہری برطانیہ میں مقیم ہیں اور پاکستان کی معاشی ترقی اور حالیہ کرنٹ اکاؤنٹ کے سرپلس ہونے کا انحصار بھی بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی بھیجی گئی رقوم پر ہے اس لیے ان کے کاروبار و تجارت میں بہتری و تنزلی کے اثرات آنے والے چند سالوں میں پاکستان پر بھی ہو سکتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ یورپ بھی پاکستان کے لئے بہت اہم تجارتی منڈی ہے، کیونکہ پاکستان کی برآمدات کا 21 فیصد یورپی تجارت پر محیط ہے، پاکستان کے جی ڈی پی کا صرف 7 فیصد ہی برآمدات سے حاصل ہوتا ہے جو پہلے ہی خوفناک حد تک کم ہے۔ حالانکہ پاکستان کو جی ایس پی سٹیٹس بھی 2013ء میں مل چکا ہے، جس کے بعد پاکستان کی برآمدات 21.6 بلین سے بڑھ کر سال 2014 تک 54.7 بلین تک بڑھ گئی تھیں، 2015ء میں برآمدات دوبارہ گر کر 67.6 بلین ڈالر تک جا پہنچیں۔ حال ہی میں ٹریڈنگ اکانومی کی شائع کردہ رپورٹ کے مطابق پاکستان کی برآمدات 2019ء میں 117 بلین ڈالر تک بڑھ چکی ہیں جو گزشتہ سال کی 23 بلین ڈالر کے مقابلے میں بہت بڑی کامیابی ہے، مگر دیکھنا یہ ہے کہ بریگزٹ کے بعد پاکستان اپنی برآمدات کو مزید بڑھا پائے گا؟ یا اس میں کمی واقع ہوگی جیسا کہ پہلے چند سالوں میں ہوتا آیا ہے۔

پاکستان کو معاشی معاملات میں خود انحصاری کے لئے ٹھوس اقدامات کرنے چاہئیں، یہ سب کچھ تجارتی و سیاحتی سرگرمیوں کے فروغ کے بغیر ممکن نہیں ہو سکتا۔ پاکستانی طلبہ جو تعلیم حاصل کرنے کی غرض سے برطانیہ سفر کرتے ہیں ان کو اب برطانیہ کی نئی پالیسیوں کو مدنظر رکھنا ہوگا۔ اس کے بعد اسلاموفوبیا کے پیش نظر برطانیہ میں مقیم پاکستانیوں و مسلمانوں کی زندگیوں میں کسی حد تک تبدیلی آنے کی شنید ہے، کیونکہ یورو پین ہیومن رائٹس قوانین کسی حد تک اس معاملے میں ڈھال کا کردار ادا کر رہے تھے، اُمید ہے کہ حالات بہتری کی طرف جائیں گے، مگر بہت سے پاکستانیوں میں خوف و ہراس پایا جاتا ہے، کیونکہ یورپی اقوام کے برطانیہ میں کم ہونے کی وجہ سے برطانیہ کا مختلف اقوام کے ساتھ مل کر رہنے والا مزاج نئے قوانین کی وجہ سے تبدیل ہونے کا اندیشہ ہے، مگر ایسا ہوا بھی تو اس میں شاید کئی سال درکار ہوں مگر مسلمانوں کے لئے بہت بڑا چیلنج ثابت ہو سکتا ہے۔

اس کے مثبت پہلوؤں کی طرف دیکھا جائے تو پاکستان کو بھرپور فائدہ اٹھانا چاہیے، کیونکہ اب برطانیہ کے ساتھ تجارت و دیگر معاملات میں تعلقات بڑھانے کے لیے یورپ کو اعتماد میں لینے کی ضرورت نہیں رہی۔ پاکستان برطانیہ کے ساتھ بھرپور اعتماد سے معاہدے اور دیگر معاملات کر سکتا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ امریکہ، چین و روس کے بعد برطانیہ اور جرمنی انٹرنیشنل معاملات میں خاصی اہمیت کے حامل ملک ہیں۔ اس وقت پاکستان برطانیہ کا اثرو رسوخ استعمال کر کے مسئلہ کشمیر کو حل کروا سکتا ہے۔ برطانیہ کی حمایت اور برطانوی تجارتی منڈیوں تک رسائی پاکستان کو اپنے پاؤں پر کھڑا کر سکتی ہے، اس ضمن میں پاکستان کو ترکی سے سیکھنے کی ضرورت ہے۔ ابھی حال ہی میں برطانیہ نے ترکی کے ساتھ کئی بلین پاؤنڈز کے تجارتی معاہدوں پر دستخط کیے ہیں جو برطانیہ و ترکی کے تعلقات میں سنگ میل ثابت ہو سکتا ہے۔ اس وقت برطانیہ نئے معاہدوں اور تجارتی ڈیل کا متلاشی ہے پاکستان کو اس وقت جب لوہا گرم ہے ضرب لگا کر برطانوی حکومت سے تجارت، عالمی مسائل، پاکستانی طلبہ کی تعلیم اور دیگر معاشی معاملات میں تعلقات کی بہتری پر گفتگو کا نئے سیٹ اپ میں نئے سرے سے آغاز کرنا چاہیے، کیونکہ موجودہ حالات میں کیے گئے معاہدوں و تعلقات کے اثرات دور رس ہو سکتے ہیں۔

کہیں دور جب دن ڈھل جائے (1)

وہ مجھے بتایا کہ کہیں گڑبڑ ہوئی ہے اور آئندہ ماہ اس کی تلافی (ایڈجسٹ منٹ) کر دی جائے گی۔ چنانچہ ستمبر کی پے سلپ میں یہ 'تلافی' کر دی گئی۔ اکتوبر 1989ء میں ایکسرسائز "ضرب مومن" کی

لیفٹیننٹ کرنل (ر) غلام جیلانی خان

تیاریاں شروع ہو گئیں۔ یہ آرمی سائز کی دوطرفہ جنگی مشق تھی جس کے لئے مجھے سرگودھا میں ایک رجمنٹ کے ساتھ اٹیچ کر دیا گیا۔ وہاں نومبر 1989ء میں مجھے جو پے سلپ موصول ہوئی اس میں بھی زیادہ کٹوتی کی گئی۔ میں موقع کا منتظر رہا کہ کسی دن راولپنڈی جاؤں گا اور CMA(o) میں جا کر معلوم کروں گا کہ آخر معاملہ کیا ہے اور میرے ساتھ یہ 'سلوک' کیوں کیا جا رہا ہے۔ ایکسرسائز ضرب مومن دسمبر 1989ء میں شروع ہوئی اور اسی ماہ کے اواخر میں ختم ہو گئی۔ ایکسرسائز کے خاتمے پر ہمیں 10 دن کی رخصت ملی۔ میں اسلام آباد آیا اور اپنی فیملی کے ساتھ یہ رخصت گزاری۔ اسی دوران سوچا کہ CMA(o) جایا جائے۔

چنانچہ جنوری 1990ء کی ایک سرد ٹھٹھرتی صبح، راولپنڈی پہنچا۔ اس روز مطلع ابر آلود تھا اور بارش کی پیشگوئی بھی کر دی گئی تھی۔ میں CMA(o) پہنچا، گاڑی پارک کی اور استقبالیے (Reception) میں چلا گیا۔ اپنا مختصر تعارف کروایا اور آمد کی وجہ بھی بتائی۔ استقبالیہ کے کلرک نے ایک بیرک کی طرف اشارہ کیا جو وہاں سے تقریباً 200 گز دور تھی۔ میں بیرک میں داخل ہوا تو دیکھا کہ کوئی زیادہ عملہ موجود نہیں۔ گیس کا ایک ہیٹر بیرک کے وسط میں جل رہا تھا اور 5، 6 لوگ اس کے گرد ایک نیم دائرے کی شکل میں بیٹھے کسی موضوع پر گرما گرم بحث کر رہے تھے۔ میں نے ان کو اپنا مدعا بیان کیا تو ایک صاحب نے میرا آرمی نمبر (P A Number) پوچھا۔ میرے بتانے پر اس نے ایک شخص کی طرف اشارہ کیا جو اس بیرک کے آخری سرے پر بیٹھا تھا۔ میں اس کے پاس چلا گیا اور دیکھا کہ ایک درمیانے قد کا نحیف سا آدمی موٹے شیشوں کی عینک لگائے فائلوں کے انبار میں دنیا و مافیہا سے بے خبر مصروف کار ہے۔ میں نے اس سلام کیا اور حاضری کی وجہ بیان کی۔ اس نے بھی میرا PA نمبر پوچھا اور سن کر بتایا کہ دراصل معاملہ یہ ہے کہ جو آدمی آپ کے گروپ کو ڈیل کرتا تھا وہ 5 ماہ سے فرار ہو کر دبئی چلا گیا ہے اور اس کی جگہ تا حال کوئی نئی پوسٹنگ نہیں ہوئی اس لئے مسائل کا سامنا ہے۔ پھر اس نے پوچھا کہ کیا میں کوئٹہ سے یہاں صرف اپنی تنخواہ کی کٹوتی کا سبب معلوم کرنے آیا ہوں؟ میں نے چہرے پر معصومانہ لجاجت بکھیرتے ہوئے 'ہاں' کر دی۔ اس نے ایک کرسی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا: "آپ تشریف رکھیں۔ میں کچھ کرتا ہوں"۔ میں اپنے ٹی اے/ ڈی اے بلوں کی نقول بھی ساتھ لایا تھا۔ اس نے مجھ سے وہ کاغذات لے لئے اور چند گز دور پڑی ایک الماری کھول کر وہاں سے کچھ کاغذات نکالے۔ جب وہ یہ کاغذات 'پھرول' رہا تھا تو میری سوچ کسی اور طرف نکل گئی۔ میں نے دل ہی دل میں اپنے آپ سے سوال کیا کہ آخر یہ شریف آدمی میرے لئے اتنا تکلف کر رہا ہے تو اس کی کوئی نہ کوئی وجہ تو ہوگی۔ مجھے پہلا خیال یہ آیا کہ میں چونکہ کوئٹہ سے آیا ہوں تو یہ شاید مجھ سے ایرانی کوارٹز کی فرمائش کرے۔ ان ایام میں ہمارے دوست کوئٹہ سے آنے والوں سے جو فرمائشیں کیا کرتے تھے ان میں یہ 'کوارٹز' کی آئٹم بھی تھی۔ میں سوچنے لگا کہ اگر اس نے واقعی کوارٹز مانگا تو یہ کوئی ایسی فرمائش نہیں ہو گی جس کو پورا کرنا میری رسائی میں نہ ہو۔

دریں اثناء وہ دوبارہ میرے پاس آیا اور چند دوسرے متعلقہ کاغذات بھی طلب کئے جو میں نے اسے تھما دیئے۔ لیکن جب وہ دوبارہ اسی الماری کی طرف گیا تو خیال کی ایک اور لہر بھی میرے دماغ میں گردش کرنے لگی۔ ان دنوں کوئٹہ کے بازاروں میں ملنے والے ایرانی ڈبل کمبلوں کی بہت مانگ تھی۔ تاہم میں نے دل کو تسلی دی کہ خیر ہے اگر اس نے کمبل کا تقاضا کیا تو وہ بھی میری جیب کی پہنچ سے زیادہ دور نہیں ہوگا۔ آخر وہ بار بار آ جا رہا تھا اور الماری میں رکھی فائلوں کو الٹ پلٹ رہا تھا۔ اس تگ و دو کا کچھ صلہ تو اس کو دینا بنتا تھا ناں .... میں انہی خیالات میں کھویا وہاں بیٹھا رہا اور وہ نجانے مجھے چھوڑ کر کہاں کہاں پھرتا رہا۔ کوئی 20، 25 منٹ بعد واپس آیا تو چہرے پر مسکراہٹ پھیلی ہوئی تھی۔ کہنے لگا: "میں نے آپ کا کیس مکمل کر کے سارے مطلوبہ کاغذات بل سیکشن والوں کو دے دیئے ہیں۔ آپ کو جلدی سارا بقایا مل جائے گا فکر نہ کریں"۔ میرے لئے یہ لمحہ بڑا ہی مضطرب کرنے والا تھا۔ مجھے یقین ہو گیا کہ اب وہ ضرور کسی نہ کسی سمگل شدہ آئٹم کا تقاضا کرے گا۔ اگلے ہی لمحے میں اور بھی حیران ہوا کہ اس نے اپنا دایاں بازو باہر نکالتے ہوئے مجھے باہر چلنے کو کہا اور یہ جملہ دہرایا: "آج کا دن بہت سرد ہے اور آپ ویسے بھی کوئٹہ سے سیدھے یہاں آ رہے ہیں۔ یہ تو ڈبل سردی کا معاملہ ہے۔ آیئے ایک کپ چائے پیتے ہیں"۔ (جاری ہے)

پروفیسر ڈاکٹر احمد فاروق مشہدی بھی رخصت ہوگئے

اُدھر لاہور سے صحافی و کالم نگار اور باغ و بہار شخصیت کے مالک رؤف طاہر کے دنیا سے چلے

نسیم شاہد

جانے کی افسوسناک خبر آئی تو ادھر ملتان میں پروفیسر ڈاکٹر احمد فاروق مشہدی کے عالم فانی سے رخصت ہونے کی اطلاع ملی۔ علم و صحافت کی دو بڑی شخصیات کا یکے بعد دیگرے دنیا سے منہ موڑ لینا، ایک بڑا نقصان ہے۔ مگر کیا کریں آج کل تو چل چلاؤ کی کچھ ایسی لہر چلی ہے کہ روزانہ پیاروں کے بچھڑ جانے کی خبریں مل رہی ہیں۔ ڈاکٹر احمد فاروق مشہدی سے میرے تعلقات 42 سال سے بھی زائد عرصے پر محیط تھے۔ ان جیسا نرم خو، صاحب علم، مخلص اور بے لوث انسان ڈھونڈنے سے نہیں ملتا۔ میرا پہلا تعارف ان سے اس وقت ہوا جب میں نے 1979ء میں بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی ملتان کے شعبہ اُردو میں داخلہ لیا۔ وہ ایم اے اُردو کی فائنل کلاس میں تھے۔ بطور ذہین طالب علم ان کی ایسی دھاک بیٹھی ہوئی تھی کہ شعبے کے سربراہ ڈاکٹر خواجہ محمد زکریا، اساتذہ ڈاکٹر اے بی اشرف، ڈاکٹر عبدالرؤف شیخ مرحوم، ڈاکٹر انوار احمد اور ڈاکٹر نجیب جمال ہمیں ان کی مثالیں دیتے تھے کہ کامیابی حاصل کرنی ہے تو احمد فاروق مشہدی کی تقلید کرو۔ وہیں سے ان کے ساتھ دوستی کا تعلق قائم ہوا جو 5 جنوری 2020ء کو اس وقت اختتام پذیر ہوا جب انہیں اوپر سے بلاوا آگیا۔

پروفیسر ڈاکٹر احمد فاروق مشہدی 1955ء میں ملتان کے نواحی علاقے جہانیاں میں پیدا ہوئے۔ گورنمنٹ ہائی سکول جہانیاں سے میٹرک کا امتحان امتیازی نمبروں سے پاس کیا۔ انٹرمیڈیٹ اور گریجویشن گورنمنٹ ایمرسن کالج ملتان سے کی، جس کے بعد اپنے شوق سے ایم اے اردو کے لئے بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی میں داخلہ لیا، ادب سے لگاؤ اور فطری میلان کے باعث وہ شعبہ اردو ہی نہیں پوری یونیورسٹی میں ایک مثال بن گئے۔ ان کی ادب اور انسان دوستی اسی دور میں مشہور ہوگئی اور یہ دونوں اوصاف آخر وقت تک ان کے ساتھ رہے۔ ایم اے اردو کرنے کے بعد انہیں گورنمنٹ خواجہ فرید کالج رحیم یار خان میں لیکچرر شپ مل گئی اور وہ ملتان چھوڑ کر رحیم یار خان چلے گئے تاہم علم حاصل کرنے کی لگن ان کے اندر بدرجہ اتم موجود رہی اسی دوران انہیں ایجوکیشن کے شعبے میں پی ایچ ڈی کے لئے بریڈ فورڈ یونیورسٹی برطانیہ کا سکالر شپ مل گیا اور وہ اعلیٰ تعلیم کا خواب لے کر وہاں چلے گئے طے شدہ مدت میں انہوں نے ایجوکیشن میں پی ایچ ڈی کی اور ڈاکٹر احمد فاروق مشہدی بن گئے۔

وہ بتاتے تھے کہ انہیں بریڈ فورڈ یونیورسٹی نے ڈاکٹریٹ کے بعد ملازمت کی پیشکش کی مگر وہ پاکستان آ کر اپنے علم اور تجربے سے یہاں کے طالب علموں کو مستفید کرنا چاہتے تھے۔ وہ واپس آئے اور ان کی سلیکشن بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی کے شعبہ ایجوکیشن میں ہوگئی۔ اس شعبے کا آغاز نیا نیا ہوا تھا، اس لئے ڈاکٹر احمد فاروق مشہدی کو کام کرنے کے بھرپور مواقع میسر آئے۔ پھر وہ ترقی کرتے کرتے اس شعبے کے سربراہ بن گئے۔ اس دوران ان سے جب بھی ملاقات ہوئی وہ یہی کہتے کہ جب تک استاد کی صحیح تربیت نہیں ہوتی، کوئی تبدیلی نہیں آسکتی۔ وہ نصاب وقت کے مطابق تبدیل کرنے کے حامی تھے۔ اس لئے ہمہ وقت اس کام میں مگن رہتے کہ پاکستان میں ٹیچنگ کا معیار کیسے بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ آج بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی کے شعبہ ایجوکیشن سے فارغ التحصیل ہونے والے ہزاروں طالب علم کالجوں اور سکولوں میں درس و تدریس کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں اور ان کی پہچان بنے ہوئے ہیں۔

ایک بار میں نے ان کا انٹرویو کیا تو انہوں نے زور دے کر یہ بات کہی کہ استاد کا سب سے بڑا علم اس کا اعلیٰ اخلاق ہے۔ اگر وہ صاحب علم تو بن گیا ہے مگر اعلیٰ اخلاق اوصاف سے بہرہ مند نہیں تو اس کا علم معاشرے کو سدھارنے کی بجائے بگاڑ سکتا ہے۔ اس لئے وہ سب سے زیادہ زور استاد کی کردار سازی اور اعلیٰ اخلاق کو یقینی بنانے پر دیتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ میں سی ایس ایس کر کے بڑا افسر بن سکتا تھا، لیکن میں نے اپنے شعوری فیصلے سے پہلے ایم اے اردو میں داخلہ لیا اور پھر پی ایچ ڈی کے بعد شعبہ ایجوکیشن کو ترجیح دی۔ کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ یہ وہ شعبہ ہے، جو قوموں کی تقدیر بدل سکتا ہے۔ آغاز میں شعبہ ایجوکیشن بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی میں داخلہ لینے والے امیدواروں کی تعداد کم ہوتی تھی۔

لیکن جب ڈاکٹر احمد فاروق مشہدی نے شعبے کا چارج سنبھالا تو اس کا معیار اس حد تک اوپر لے گئے کہ اس میں داخلے کا میرٹ مقبول شعبوں کے برابر آ گیا۔ بعض لوگوں کے بارے میں آپ یقین سے کہہ سکتے ہیں کہ انہوں نے اپنی زندگی کو کسی خاص مقصد کے لئے وقف کر دیا ہے، ڈاکٹر احمد فاروق مشہدی کا شمار ایسی ہی شخصیات میں ہوتا ہے۔ یہ بھی شاید ایک ریکارڈ ہے کہ انہوں نے یونیورسٹی سے کبھی چھٹی نہیں لی۔ ہم بغیر تصدیق کئے یونیورسٹی میں ان سے ملنے پہنچ جاتے تھے، کیونکہ ہمیں معلوم تھا کہ ڈاکٹر صاحب اپنے کمرے میں علم کے نت نئے دروازے کھولنے میں مصروف ہوں گے۔ وہ میرٹ کے اس حد تک قائل تھے میں ان کا بہت قریبی دوست ہونے کے باوجود اپنی ایک عزیزہ کا داخلہ کرانے میں ناکام رہا تھا۔ کیونکہ وہ یونیورسٹی کے وضع کردہ میرٹ پر پورا نہیں اترتی تھی۔

ڈاکٹر احمد فاروق مشہدی اگرچہ شعبہ اردو چھوڑ کر شعبہ ایجوکیشن میں چلے گئے تھے تاہم ادب سے ان کی وابستگی میں کمی نہیں آئی تھی۔ وہ یونیورسٹی کے زمانے سے اخبارات اور رسائل میں لکھتے آئے تھے اور یہ سلسلہ آخری سانس تک جاری رہا وہ غزل کے بہت خوبصورت شاعر ہیں اور ان کے لب و لہجے میں غزل کی روایت کا رچاؤ بھی ہے اور جدت کی خوشبو بھی۔ ان کے ریسرچ جرنلز میں متعدد مضامین و مقالے شائع ہو چکے ہیں، جن میں ملکی اور غیر ملکی جرائد بھی شامل ہیں 2015ء میں عرصۂ ملازمت پورا کرنے کے باوجود وہ بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی سے بطور وزیٹنگ پروفیسر وابستہ رہے، کیونکہ یونیورسٹی کا شعبہ ایجوکیشن ان کے تجربے اور علم سے فائدہ اٹھانا چاہتا تھا۔ یوں ان کی تعلیمی شعبے میں خدمات کا عرصہ تقریباً 35 برسوں پر محیط ہے ڈاکٹر نجیب جمال جو آج کل ایف سی کالج یونیورسٹی لاہور میں پڑھا رہے ہیں، ان کے استاد رہے۔ انہوں نے ڈاکٹر احمد فاروق مشہدی کی وفات پر گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وہ ایک انتہائی مودب، ذہین اور نرم خو طالب علم تھے۔ جس نے اساتذہ کی ہمیشہ عزت کی۔ ان جیسے شاگردوں پر اساتذہ ہمیشہ فخر کرتے ہیں اور یقیناً ڈاکٹر احمد فاروق مشہدی کے شاگرد بھی اپنے مایہ ناز استاد کو ہمیشہ یاد رکھیں گے۔

یونس گل کی شاعری کا منفرد انداز

خبر سے خبر تک
شیخ فرید
fareedqta1963@gmail.com

شیخوپورہ کے ہرن پاک کی ہریالی، گل وگلزار، پھولوں کی مسکان اور پرندوں کی چہکار کو شعر و سخن کے قالب میں ڈھالا جائے تو یونس گل کی شاعری کہیں رنگ اور کہیں مہک و رعنائی بن کر بکھرتے لگتی ہے۔

یونس گل کا شمار اردو کے اُن باکمال شعراء کرام میں ہوتا ہے جنھوں نے غزل کی کلاسیکی روایت کو نہ صرف زندہ رکھا ہے۔ بلکہ اپنی بھرپور تخلیقی قوت، ریاضت اور فنی چابکدستی کو اس قدر ممیز کیا کہ جدید غزل کے محاسن کو نئی جہت و شگفتگی بھی بخشی ہے۔

یونس گل کے مجموعہ "نو بہ نو" کا مطالعہ کیا جائے تو یہ بات اظہر من الشمس کے مصداق عیاں ہوتی چلی جاتی ہے کہ یونس گل کی شاعری ادبی اصناف کے روایتی حسن سے جڑی ہوئی ہے۔ اور پوری کی پوری شاعری جدید رنگ و آہنگ، جدید طرز احساس اور نت نئے موضوعات سے مکمل طور پر ہم آہنگ بھی ہے۔

یونین آف رائٹرز پاکستان کے چیئرمین جناب فضل محمود لکھتے ہیں۔----------

یونس گل کی شاعری سادگی وسلاست اور ابلاغ کی فراوانی کا شاہکار نمونہ ہے بلکہ اُن کا مجموعہ کلام "نو بہ نو" تو شاعری کے اسرار و رموز کے اوصافی ہنر و کمال کا طرہ امتیاز کا حامل ہے۔

شعری مجموعہ نو بہ نو اپنی نوعیت کا منفرد اور نایاب شعری انتخاب ہے اس کلام کو پڑھتے سے اس بات کا ادراک ہوتا ہے کہ یونس گل نے نو بہ نو تخلیق کر کے جو دنیائے ادب میں شعر و سخن کی نئی روایت کی داغ بیل ڈالی ہے اُس کا جواب نہیں۔ یہ کمال۔ صرف یونس گل کے حصے میں ہی آیا ہے اسی لیے میں نے یونس گل کی شاعری کو منفرد انداز سخن سے کا حسین انتخاب قرار دیا ہے۔

یہ ہنر وفن بھی یونس گل کا امتیاز ہے کہ آپ نے ایک ردیفی اشعار کے ایسے ایسے گلہائے سخن کھلائے کہ ہر شعر پر انھیں داد دیئے بغیر نہیں رہا جاسکتا

یونس گل۔ نے اپنے مجموعہ کلام کیلئے ایک ردیف لفظ "ط" کا انتخاب کیا۔

جو کہ خاصا مشکل کام۔ تھا تاہم۔ یونس گل۔ نے یہ معرکہ بھی حسن وخوبی سے سر کرلیا۔

ممتاز و معروف شاعر اقبال راہی کہتے ہیں یونس گل کے شعری انتخاب "نو بہ نو" کی۔ چونکا دینے والی۔ بات یہ کہ یونس گل۔ نے دیگر شعراء کرام۔ سے ہٹ کر جداگانہ راہ اختیار کرتے ہوئے عمیر دایت کی بنیاد رکھی ہے۔ جو اس سے قبل کسی اور شاعر کے حصے میں نہیں آئی اُنھوں نے جو قابل رشک کام کیا ہے جو وہ یہ ہے کہ پورے مجموعے کی غزلوں کا ردیف اردو حروف تہجی کا لفظ "ط" یعنی خبط، خطوط، افراط، شبط، مربوط، اور خط اور فقط جیسے لفظ کو بڑی مہارت اور خوبصورتی سے اپنی غزلوں میں موتیوں کی طرح پرو دیا ہے۔

یونس گل کے اشعار قارئین کی نذر کرنا اپنی سعادت سمجھتا ہوں

***

پہلے ایسی کبھی نہ تھی بے ربط
عشق نے کر دی، زندگی بے ربط

***

دل تو ہوتا نہیں خوشی سے نشاط
دے رہا ہے وہ بے رخی سے نشاط

***

ظلم کی اس قدر ہوئی افراط
سوچ کی آج بڑھ گئی افراط

***

عشق میں ہوتی بڑی ہے احتیاط
پیار کی اک اک گھڑی ہے احتیاط

***

اُوڑھ کے بیٹھا تھا ردائے ضبط
اور وہ دیکھنے کو آئے ضبط

***

یونس گل کی شاعری کا یہ منفرد انداز اس قدر خوبصورت ہے کہ قاری اُن کے اشعار سانس لیے بغیر پڑھتے چلے جاتا ہے۔ اور وجدانی کیفیات سے لطف اندوز ہوتا ہے۔

پروفیسر محمد ایوب صابر ایک جگہ رقمطراز ہیں

یونس گل کے ردیفی تجربات نئی نسل کے لیے مشعل راہ۔ ہیں۔ بکل۔ کوئی تو جوان شاعر سنگلاخ چٹانوں پر قدم رکھتا ہوا ادب کی بلندی پر پہنچنے کی کوشش ضرور کرے گا۔

ایوب صابر کی رائے میں شاعری وہ صنف ادب ہے جو دلوں کی۔ آبشار۔ سے نکل کر دلوں کی زمین میں پیوست ہونے کی طاقت رکھتی ہے۔

ادبی ناقدین کا خیال ہے کہ شعر کہنا بہت مشکل کام ہے لیکن شعر لکھنا بہت آسان ہے۔

یونس گل نے لفظ "ط" کی ردیف منتخب کر کے اردو شاعری میں نئی مثال قائم کی ہے۔

کشمیر: سیاسی خلیج بڑھ گئی

اوائل مئی 1944ء کو محمد علی جناح صاحب کے دورۂ کشمیر کا مقصد اولیٰ یہ تھا کہ نیشنل کانفرنس اور مسلم کانفرنس قائد اعظم محمد علی جناح یک جان و یک

ش م احمد

قالب ہوں۔ وہ نہیں دل سے متحد و یک جا دیکھنا چاہتے تھے۔ صحیح تر الفاظ میں وہ کشمیر میں تاریخ کے سیل رواں کو نیا رُخ اور نئی جہت دینا چاہتے تھے، خاص کر وہ شیخ محمد عبداللہ کی سیاسی سوچ کو اپنے خیالات اور نظریات کے قالب میں ڈھالنا چاہتے تھے، مسلم اکثریتی ریاست کشمیر کو اپنی مجوزہ مملکت کا حصہ بنتا ہوا دیکھنا چاہتے تھے۔ اس خواب کو حقیقت میں بدلنے کے لئے یہ بات لازم وملزوم تھی کہ کشمیری مسلمانوں کی سیاسی آواز کا رنگ و آہنگ یکساں ہو اور ان کی جادۂ منزل ایک ہو۔ سری نگر میں اپنا ڈیرہ ڈھائی ماہ تک ڈالنے کی ساری کد و کاوش میں یہی ایک مقصد چھپا تھا، ورنہ قائد اعظم وہ مذہب حریف سیاسی پارٹیوں کو آپس میں ملانے کا جو کھم اٹھانے کے لئے اتنا وقت صرف نہیں کرتے، وہ بھی اس حقیقت کی موجودگی میں کہ جناح صاحب مزاجاً ایسے شخص واقع ہوئے تھے کہ کبھی خشک دریا میں تیرنے کی فضول مشق میں وقت کا زیاں نہ کرتے، وہ جو بھی کام کرتے اس کے پیچھے ایک سنجیدہ ذہن، تجربے کا بہی کھاتہ اور ایک ٹھوس فکری و نظری اساس لازماً ہوتی۔ کشمیر میں ان کے تحت الشعور میں بھی نہ تھی کہ یہاں اتحادی کاوشیں ٹیڑھی کھیر ہے کیونکہ یہاں کے پیش تر سیاسی رہنمائی کھوپڑیاں ہیں۔

بایں ہمہ کشمیری مسلمانوں کی دو اہم مگر حریف سیاسی پارٹیوں کو اتحاد کی لڑی میں پرونے کے حوالے سے مسٹر جناح کے قلب و جگر میں اور کیا کیا خوش اُمیدیاں بسی تھیں، تاریخ کے صفحے میں وہ کہیں مذکور نہیں، البتہ ان کا اندازہ لگانا کوئی مشکل امر نہیں۔

اس دور کی تاریخ کشمیر اس بات کی شاہد عادل ہے کہ نیشنل کانفرنس نے جو سیاسی راہ ۱۹۳۸ء سے اختیار کر لی تھی اور اس سلسلے میں جتنی لمبی مسافت طے کر چکی تھی، اُس سے واپس مڑ کر مسلم کانفرنس میں گھر واپسی کرنا بعید از فہم تھا۔ اگرچہ تاریخ ناقابل فہم حادثات کی صورت گری بھی کرتی ہے مگر شیخ صاحب اس حادثے کے لئے کسی صورت اپنی لیڈری کی قیمت پر تیار نہیں تھے اور یہ کوئی سربستہ راز نہ تھا۔ یہی وجہ ہے کہ قائد کی مشاورت اور مصالحت کے باوجود لیڈرانہ اناؤں کی برف نہ پگھل سکی۔

یہ کوئی سربستہ راز نہ تھا کہ شیخ محمد عبداللہ عملاً برسوں سے آل انڈیا نیشنل کانگریس کے زلف گرہ گیر کے سرتاپا اسیر تھے۔ لہٰذا مروجہ سیاسی اصطلاح میں بات کریں تو این سی کشمیر میں کانگریس کی ملائی ٹیم تھی۔

بہر حال جناح صاحب کی پہل پر جب طے شدہ پروگرام کے مطابق مسلم کانفرنس کے روح رواں چودھری غلام عباس نیشنل کانفرنس کے دراز قامت سیاسی قائد شیخ صاحب سے اپنا ہاتھ ملانے کے لئے اُن کی رہائش گاہ صورہ سری نگر تشریف لے گئے تو وہاں بات چیت فلاپ ہوئی۔ گفتگو کا کیا رنگ رہا اس کی ایک جھلک موصوف نے اپنی سوانح عمری "کشمکش" میں یوں رقم کی ہے:

حضرت قائد اعظم نے شیخ محمد عبداللہ کو اطلاع بھیجی تھی کہ وہ اور میں خود آپس میں ملیں، چنانچہ دوسرے دن میری اور شیخ محمد عبداللہ کی ملاقات ہوئی، اِدھر اُدھر کی باتوں کے بعد میں نے اصل موضوع کے متعلق سلسلہ کلام چھیڑا، لیکن شیخ محمد عبداللہ پہلے ہی اُدھار کھائے بیٹھے تھے۔ اُن دنوں اُس کا رنگ ماسٹر مولوی مسعودی تھا۔ بدقسمتی سے وہ بھی وہاں موجود تھا۔ اُس نے میری باتوں کا جواب دینا شروع کر دیا، شیخ محمد عبداللہ نے اُس کی باتوں کو دہراتے ہوئے مجھے دوٹوک بات کہہ دی کہ دیکھئے چودھری صاحب! آپ کے سیاسی عقیدہ کو میں اچھی طرح جانتا ہوں اور میرے عقیدے کو آپ۔ میرے خیال میں دونوں کے عقیدوں میں کسی تبدیلی کی گنجائش نہیں۔ میں نے کہا کہ مجھ سے آپ گفتگو کریں، اگر آپ مجھے قائل کریں گے تو میں اپنا عقیدہ تبدیل کرنے کے لئے تیار ہو جاؤں گا۔ اس طرح آپ کی بھی یہی روش ہونی چاہیے۔ اس پر اُس نے صاف کہہ دیا کہ ہمارے سیاسی راستے الگ ہو چکے ہیں۔ اس لئے میں بحث کے لئے تیار نہیں"۔

شیخ کے صریح انکار سے کشمیری مسلمانوں کے دو متحارب کیمپوں کو اکٹھا کر دینے اتحادی کاوش کی رگ جاں ہمیشہ کے لئے کٹ کر رہ گئی۔ چودھری صاحب کے اس اقتباس سے مترشح ہوتا ہے کہ شیخ صاحب کو کشمیر میں حق اتحاد کے نام سے کی جانے والی قائد کی کوششوں سے رتی بھر بھی دلچسپی نہ تھی مگر رُخے، اختلافات اور ٹکراؤ کے دو متوازی خطوط پر منقسم اس سیاست کی گتھی کے حوالے سے ایک نقطۂ نظر یہ بتاتا ہے کہ شیخ صاحب کا اصولی موقف یہ تھا کہ مسلم کانفرنس میں نیشنل کانفرنس کے ادغام کا فیصلہ میری ہاں اور ناں یا ذاتی پسند و ناپسند کا معاملہ نہیں بلکہ اس کے لئے دونوں پارٹیوں کے اُن سرفروش ساتھیوں کی رائے حتمی تھی جنھوں نے قربانیاں دے کر کشمیری تحریک کو اپنے خون پسینے سے سینچا تھا۔ شیخ کا عندیہ تھا کہ دونوں پارٹیوں کا یہ ایثار پیشہ کیڈر ایک ہی جگہ سر جوڑ کر بیٹھے اور آپسی تبادلۂ خیال سے یہ ادغام کا معاملہ طے کرے، اگر نیشنل کانفرنس کے صف اول یہ ساتھی مسلم کانفرنس میں مدغم ہونے کے لئے برضا ورغبت تیار ہوں تو میں خود اُن کی رائے کے احترام میں کوئی پس وپیش نہیں کروں گا، لیکن اگر صورت احوال یہ بنی کہ نیشنل کانفرنس کے سینئر ساتھی مسلم کانفرنس کے اکابرین کو قائل کریں کہ پارٹی کو تحلیل کر کے نیشنل کانفرنس کو کشمیر کا واحد سیاسی پSh Abdullahلیٹ فارم تسلیم کریں تو اس جماعت کو بھی بلاچوں چرا یہ فیصلہ ماننا ہوگا۔

چودھری غلام عباس کو شیخ صاحب کا یہ موقف ماننے سے تامل رہا، اور جناح صاحب بھی بوجوہ چاہتے تھے کہ باہمی اتحاد کا معاملہ اُن دونوں کے درمیان طے ہونا چاہیے، نہ کہ اسے عام لوگوں پر چھوڑ دیا جائے مگر اس جہت میں ملاقات میں کوئی بات ہی نہ بنی۔ ظاہری بات ہے کہ یہ صورت حال کشمیریوں کے بین بین قائد کے لئے بھی کوئی نیک شگون نہ تھی۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ شیخ صاحب نے زندگی بھر اپنے سیاسی اقدامات اور فیصلہ جات کے لئے عوام تو عوام بھی اپنے کسی قریب سے قریب تر ساتھی یا پارٹی عہدیدار کو اعتماد میں لینے کا کوئی تکلف نہ کیا۔ مسلم کانفرنس کے متوازی نیشنل کانفرنس کے قیام سے لے کر مرزا محمد افضل بیگ کے پارٹی سے اخراج تک کی ساری کہانی سے عیاں یہاں ہوتا ہے کہ موصوف نے بھولے سے بھی سیاسی معاملات میں کسی کو اعتماد میں لینا تو دور، کسی سے مشاورت کرنا تک ہمیشہ اپنی کسر شان سمجھا۔

صورہ ملاقات سے شیخ محمد عبداللہ اور چودھری غلام عباس کے درمیان دوریاں کم نہ ہوئیں بلکہ اُلٹا پہلے سے ہی موجود خلیج بڑھ گئی جس سے دوطرفہ تلخیاں، رقابتیں، شکوک وشبہات، تصادمات کا وہ تکلیف دہ سلسلہ چلا کہ بالآخر کشمیری عوام کا سواد اعظم ہمیشہ شخصیاتی ٹکراؤ کی نذر ہو کر رہا۔ انتشار و خلفشار کی اس کھچڑی کو مزید سلگانے کے بارے میں وہ اشتعال انگیز تقریر بھی ذمہ دار بتائی جاتی ہے جو چودھری صاحب نے اتحادی کوشش کی ناکامی کے پس منظر میں تاریخی جامع مسجد سرینگر میں مئی 44 میں کی۔ جامع مسجد عملاً مسلم کانفرنس کا صدر دفتر تھی، اسی کے منبر ومحراب سے چودھری صاحب نے اپنا تیکھا ردعمل دیتے ہوئے شیخ صاحب کے خلاف زہر افشانی کی۔ اس سے حق اتحاد کی تمام اُمیدیں یکسر دم توڑ گئیں۔

چودھری صاحب کی آتشیں تقریر کے جواب میں شیخ صاحب نے ایک بیان میں خود کو اتحاد پرور جتلاتے ہوئے یہ دلیل دی کہ جو شخص ریاست میں رہنے والے مسلمانوں اور غیر مسلموں کو متحد دیکھنے کا آرزو مند رہا ہو وہی انسان کس طرح مسلمانوں میں افتراق وانتشار برداشت کرنے کا روادار ہو سکتا ہے۔

مسلمانوں میں سیاسی تقسیم کے اس مایوس کن سرپھٹول، تناؤ اور کشیدگی کے بیچ قائد نے سری نگر میں پریس کانفرنس کر کے اپنی پوزیشن واضح کی۔ کشمیر کے مقامی پریس نمائندگان پریم ناتھ کنہ (مارتنڈ)، غلام محی الدین نور (اخبار نور) خواجہ صدر الدین مجاہد (خالد) نند لال واتل (ہمدرد)، عبدالعزیز شورہ (روشنی) محمد ایوب صابر (البرق)، دینا ناتھ مست (رہبر)، عبدالغفار ڈار (اصلاح) کے سامنے جناح صاحب نے غیر مبہم الفاظ میں واضح کیا کہ این سی اور مسلم کانفرنس کے علاوہ ریاست میں کئی غیر مسلم پارٹیاں بھی ہیں اور یہ ریاستی عوام کا صوابدیدی اختیار تھا کہ جو راستہ وہ اپنے لئے زیادہ موزوں اور بہتر سمجھیں، اُسے اختیار کریں۔ پریس کانفرنس میں جناح صاحب نے ایک سوال کے جواب میں مرزائیوں کے لئے بھی ایک جنبش زبان مسلم کانفرنس کے دروازے کھول دئے کہ میں کون ہوتا ہوں اس شخص کو غیر مسلم مانوں جو خود کو مسلمان کہتا ہو۔ قبل ازیں شیخ صاحب اور میر واعظ محمد یوسف شاہ صاحب کے درمیان مرزائیوں کی مسلم کانفرنس میں شمولیت کے بارے میں کافی لے دے اور ہو چکی تھی۔ اس سے ان کے درمیان اختلافات اور دوریاں کی شروعات ہوئی تھیں۔

اسی اثناء میں مسلم کانفرنس نے اپنے سابقہ پروگرام میں ردوبدل کر کے اپنا سالانہ اجلاس سری نگر میں ہی منعقد کرنے کا فیصلہ لیا۔ اجلاس میں قائد کی شرکت سے پارٹی اپنی عوامی ساکھ کو مستحکم کرتے میں مدد ملنا قابل فہم بات تھی۔

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر یہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

پبلشر ڈاکٹر سلیم صادق نے شال پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
ایڈیٹر: محمد طاہر جمالدینی، سب ایڈیٹر: نجم بلوچ، فون نمبر 081-2470990 فیکس 081-2470991 ☆☆☆ بیورو چیف گوادر: عبدالغفور بلوچ، پتہ: ملت نیوز ایجنسی گوادر۔ موبائل نمبر: 0332-2364234 بیورو چیف اسلام آباد۔ جزاک اللہ فون نمبر 051-2271021 آفس نمبر 5 فرسٹ فلور علی پلازہ فضل حق روڈ بلو ایریا اسلام آباد

شمال بقیہ 1

اب تک سندھ میں 2 لاکھ 22 ہزار 999، پنجاب میں ایک لاکھ 43 ہزار 511، خیبر پختونخوا میں 60 ہزار 536، اسلام آباد میں 38 ہزار 842، بلوچستان میں 18 ہزار 314، آزاد کشمیر میں 8 ہزار 430 اور گلگت بلتستان میں 4 ہزار 878 افراد میں کورونا کی تشخیص ہوئی ہے۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق اس وقت ملک بھر میں کورونا کے فعال مریضوں کی تعداد 33 ہزار 124 ہوگئی ہے۔ جب کہ 2 ہزار سے زائد مریضوں کی حالت تشویشناک ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک بھر میں کورونا سے مزید 47 افراد جاں بحق ہوگئے ہیں جس کے بعد اب اس وبا سے جاں بحق ہونے والے افراد کی تعداد مجموعی طور پر 10 ہزار 558 ہوگئی ہے۔ این سی او سی کے مطابق کورونا سے ایک دن میں 3 ہزار 313 مریض صحت یاب ہوئے جس کے بعد صحت یاب ہونے والے مریضوں کی تعداد 4 لاکھ 53 ہزار 828 ہوگئی ہے۔

شمال بقیہ 2

کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ شاید سب سے زیادہ ظلم ہزارہ برادری کے لوگوں پر ہوا، خاص طور پر گزشتہ 20 برسوں میں 11 ستمبر 2001 کے بعد ان کے اوپر دہشت گردی، ظلم اور قتل کیا گیا وہ کسی اور برادری پر نہیں ہوا۔ انہوں نے کہا کہ جب بڑے بڑے سانحات ہوئے تو میں وہاں گیا اور میں نے ان کا خوف دیکھا، جب یہ مچھ کا واقعہ ہوا جہاں 11 ہزارہ برادری کے مزدوروں کو بے دردی سے قتل کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ اس سازش کا حصہ ہے جس کا میں نے گزشتہ مارچ میں کابینہ کو بتایا تھا اور عوامی بیانات دیئے تھے کہ بھارت پوری طرح پاکستان میں انتشار پھیلانے کی کوشش کر رہا ہے اور ایک جگہ ہے فرقہ وارانہ فسادات، جہاں بھارت کا منصوبہ ہے کہ شیعہ سنی علما کو قتل کرنا۔ انہوں نے کہا کہ میں ملک کی خفیہ ایجنسی کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے 4 بڑے دہشت گردی کے واقعات ہمارے اداروں کی وجہ سے بچ گئے تاہم اس کے باوجود کراچی میں ایک ہائی پروفائل سنی عالم کا قتل کیا گیا، جس پر بڑی مشکل سے ہم نے آگ بجھائی جو کہ فرقہ وارانہ تقسیم ہونے والی تھی۔

شمال بقیہ 3

شریک ہیں۔ دھرنے میں ساتھ مچھ میں جاں بحق کان کنوں کی میتیں بھی سڑک پر رکھی ہوئی ہیں۔ دھرنے کے شرکا کا کہنا ہے کہ وزیراعظم کی آمد تک دھرنا جاری رہے گا، وزیراعظم کی آمد تک میتوں کی تدفین بھی نہیں کی جائے گی۔ شہدا ایکشن کمیٹی کے ارکان کے مطابق لواحقین نے کہا کہ ایک مہینے بھی دھرنا جاری رہے گا، انہیں دھمکیاں دی جا رہی ہیں، بے کچھ ہوئی تو شرپسند عناصر ذمہ دار ہوں گے۔ دھرنے کے پانچویں روز مسلم لیگ (ن) کی رہنما مریم نواز اور پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری وفود کے ہمراہ دھرنے کے شرکا کے پاس پہنچے اور ان سے تعزیت کی۔ اس سے قبل وفاقی وزرا شیخ رشید، علی زیدی، معاون خصوصی ذلفی بخاری، ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم سوری اور وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال بھی دھرنے کے شرکا سے میتوں کی تدفین کے لیے مذاکرات کرچکے ہیں لیکن انہیں ناکامی ہوئی۔ خیال رہے کہ چند روز قبل بلوچستان کے علاقے مچھ میں مسلح افراد نے کوئلے کی کان میں کام کرنے والے 10 افراد کو فائرنگ کرکے قتل کردیا تھا، قتل ہونے والے تمام افراد کا تعلق ہزارہ برادری سے تھا جن کے لواحقین نے وزیراعظم کے پہنچنے تک لاشوں کی تدفین نہ کرنے کا اعلان کررکھا ہے۔۔

شمال بقیہ 4

ہوئے کہا ہے کہ وزیراعظم فوری کوئٹہ نہیں جاسکتے ضرور جائیں گے، ماضی میں جلسوں پر گولیاں برسائی گئیں، ماڈل ٹاؤن کا واقعہ کب اور کس نے کیا؟ ہم سے بھی غلطیاں ہوئی ہوں گی غلطیوں کو تسلیم کیا جانا چاہیے۔ جمعہ کو سینیٹ کا اجلاس چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی کی زیر صدارت ہوا جس میں سیاسی کارکنوں کے خلاف انتقامی کارروائیوں سے متعلق مزید بحث ہوئی۔ سینیٹر مولانا عطاء الرحمان نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ہزارہ کمیونٹی کیساتھ ہونے والی زیادتیاں کب ختم ہوں گی پتہ نہیں، ہمارے وزیراعظم کو اجازت ملے گی تو وہ تعزیت کیلئے جائیں گے، جن کے کندھوں پر بیٹھ کر آئے ہیں ان کی اجازت لے کر ہی تو جائیں گے علی محمد نے کہا تھا کہ جس مقتول کا قاتل نہ معلوم ہو اس کا قاتل حکومت وقت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہزارہ برادری کے بھائی شہدا کی تدفین کردی جائے، ان سے جس حکمرانوں کو کوئی دلچسپی نہیں ہوگا۔ منظور کا کہنا ہے کہ اور فوج کے آدمی ہیں، بتانا چاہتا ہوں، ہم بھی فوج کے آدمی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کو ڈھائی سال ہوچکے ہیں اب تو رونا بند کردینا چاہیے، وزیراعظم عمران خان نے خود ناکامی کا اعتراف کرلیا ہے، شروع دن سے کہا کہ ہم نیب کو تسلیم نہیں کرتے، ہم نیب میں پیش نہیں ہوں گے، نیب کا کام صرف سیاسی لوگوں کی پگڑیاں اچھالنا ہے، وہ سیاستدان وفاداریاں تبدیل کر کے حکومتی کیمپ میں چلا جائے تو وہ صاف ہو جاتا ہے، مولانا فضل الرحمن کی صرف پگڑیاں اچھالی گئیں، ایک فیصد بھی الزامات میں صداقت ہوتی تو ہم خود پیش ہوتے، حکومت، نیب، کوئی ادارہ یا کوئی ہوا اپنی حد میں رہے ورنہ ہمارے صبر کا پیمانہ لبریز ہوگا۔

شمال بقیہ 5

بے کس والا چار مزدوروں پر حملے کو ہم 22 کروڑ عوام پر حملہ تصور کرتے ہیں۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ حکومت کے وفاقی وزرا کہتے تھے کہ اگر کوئی آدمی قتل ہو جائے تو جب تک اس کا قاتل گرفتار نہ ہو تو ہم سمجھتے ہیں کہ حکومت وقت اس کی قاتل ہے، آج صوبائی دارالحکومت میں یہ لاشیں موجود ہیں تو ان کا قاتل ہم اس وقت تک اس حکومت کو ہی تصور کرتے ہیں جب تک کہ ان کے قاتل کو گرفتار کرکے سزا نہ دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ میں عمران خان سے کہتا ہوں کہ آپ کے غرور و تکبر کی وجہ سے پاکستان کی بدنامی ہورہی ہے، آپ کو ان کے مطالبے کے بغیر پہلے دن ہی یہاں حاضر ہونا چاہیے تھا اور اس سانحے کے بعد کابینہ کا اجلاس اسلام آباد کے بجائے کوئٹہ میں کرنا چاہیے تھا تاکہ اس برادری کو سکون ملتا ہے کہ حکومت ہماری پشت پر موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت نے جو رویہ اختیار کیا وہ دہشت گردوں کو حوصلہ اور شہ دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب نواز شریف کی حکومت میں اسطرح کا واقعہ ہوا تھا اور وہ یہاں آنے کے بجائے کسی اور شہر چلے گئے تھے تو آپ نے کہا تھا کہ نواز شریف ظالم ہے تو اب میں سوال کرتا ہوں کہ کیا عمران خان ظالم ہے یا نہیں۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ اس وقت پاکستان میں 6 ہزار سے افراد لاپتہ ہیں جس میں سے دو ہزار اسی حکومت کے دور میں لاپتہ ہوئے ہیں۔

شمال بقیہ 6

معاہدہ دھرنے کے منتظمین اور شہداء کے لواحقین کی باہمی رضامندی سے تیار کیا گیا ہے۔ امید ہے کہ شہداء کی تدفین جلد ہوگی۔۔

شمال بقیہ 7

تاکہ پرسکون طریقے سے بات چیت ہو سکے۔ اگر آج تدفین ہوجائے تو وہ آج ہی کوئٹہ جاسکتے ہیں۔ وزیرداخلہ کا کہنا تھا کہ ہزارہ برادری بلوچستان حکومت کا خاتمہ چاہتی ہے جس کو ماننا میرے بس کی بات نہیں۔ ہے آئی ٹی این کی ہے ڈی جی اور ڈی پی او سمیت ساری انتظامیہ کو معطل کر دیا گیا ہے۔ وزیراعظم کے تا حال نہ جانے کی بہت ساری وجوہات ہیں جن کو منظر عام پر نہیں لایا جاسکتا۔ عمران خان کسی بھی وقت جاسکتے ہیں لیکن ہماری منتج ہے کہ طریقے اور سلیقے سے جائیں کسی قسم کی بدمزگی نہ ہو۔ ان کا کہنا تھا کہ میتیں سب کی سانجھی ہیں ہم اہل تشیع علماء سے حمایت مانگی ہے اور امید ہے کہ کوئی مثبت پیش رفت سامنے آئے گی۔ وزیرداخلہ کا کہنا تھا کہ پاکستان میں دہشتگردی کی نئی لہر، مذہبی شخصیات سمیت 20 افراد کو خطرہ ہے جن کو مطلع کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں شیعہ سنی فسادات کی کوشش کی جارہی ہے اور ملک کے مختلف شہروں سے چار گروہ پکڑے گئے ہیں جو مذہبی شخصیات کو نشانہ بنانا چاہتے تھے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہزارہ کمیونٹی کو بیرون ملک قوتیں نشانہ بنا رہی ہیں۔ فرقہ واریت فسادات میں غیر ملکی ہاتھ ملوث ہیں۔ بھارتی ایجنٹ اور بے روزگار کام کرنے والوں کی طرف سے تحریت ہیں۔ اسلام آباد، لاہور، کوئٹہ، پشاور میں ہائی الرٹ ہے۔۔

شمال بقیہ 8

لاشیں رکھ کر یہ محسوس کرا رہے ہیں کہ وہ آج بھی غیر محفوظ ہیں، جب چوروں اور دہشتگردوں کی سرپرستی ہوگی تو ان کی حوصلہ شکنی نہیں بلکہ حوصلہ افزائی ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے نجی ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے کیا۔ سردار اختر جان مینگل نے کہا کہ مچھ واقعہ افسوسناک اور دلخراش واقعہ ہے، بلوچستان میں یہ پہلا واقعہ نہیں اس سے قبل بھی ایسے واقعات رونما ہوئے وزرا بھی آئے لیکن آج تک کوئی نتیجہ نہیں نکل سکا کابینہ کے فیصلے کہیں پہنچ تو نہیں سکے جاسکتے، نیوزی لینڈ میں سفید فام نے مسجد میں گھس کر فائرنگ کی اور لوگوں کو شہید کیا گیا وہاں کی غیر مذہب وزیراعظم نے عوام کی نمائندہ وزیراعظم کی حیثیت سے اپنا فرض ادا کیا اور شہداء کے مذہبی رسومات میں نہ صرف شرکت کی بلکہ مسلمان کمیونٹی کی حوصلہ افزائی کی انہوں نے کہا کہ یورپ میں حجاب پر پابندی لگائی جارہی تھی تو وزیراعظم نے اسی حجاب میں آکر مسلمانوں سے یکجہتی کی اور کھڑی رہی یہ منتخب اور سلیکٹڈ وزیراعظم میں فرق ہوتا ہے جن کو احساس ہو میرے خیال سے ان کو کابینہ کی اجازت نہیں تھی، وزیراعظم کی کرسی پر بیٹھنے کے بعد ہمیں وہ عمران خان ہمیں اب پاکستان میں نظر نہیں آرہا وہ شاید کہیں ہمارے بلوچستان کے لوگوں کی طرح گمشدہ لوگوں میں شامل تو نہیں کیا گیا ہے

شمال بقیہ 9

ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی اور وزیراعلیٰ بلوچستان اور صوبائی وزراء نے ہزارہ برادری کے غم بانٹنے اور انکے دکھ میں شرکت کرنے کیلئے انکے پاس گئے وزیراعظم عمران خان بار بار ہزارہ برادری سے اپیل کر رہے ہیں کہ وہ اپنے پیاروں کی تدفین کی جائے وہ بہت جلد سانحہ مچھ کے متاثرین کے پاس آئے گے اور تعزیت کریگے مریم بی بی، بلاول، اور پی ڈی ایم اپنے سیاسی مفادات کیلئے تعلق بنانا چاہتے ہے بلوچستان میں اس طرح کی تمام کاروائیوں میں بھارت ملوث ہے۔ وفاقی وصوبائی حکومت کی تمام تر ہمدردیاں ہزارہ کمیونٹی کیساتھ ہیں۔ وزیراعلیٰ جام کمال کی ہدایت پر اس واقع کی تحقیقات جاری ہیں شرپسند عناصر کو کیفرکردار تک پہنچایا جائے گا۔

شمال بقیہ 10

پاکستان باہمی مفاد کیلئے تجارت، معیشت، صحت اور ثقافت کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینا چاہتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان 2005 کے زلزلے کے بعد طبی ٹیموں اور پاکستانی میڈیکل طلباء کو وظائف فراہم کرنے پر کیوبا کو سراہتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے مابین تجارت اور سرمایہ کاری بڑھانے کیلئے شعبوں کی نشاندہی کی ضرورت ہے، صدر مملکت کا دونوں ممالک کے مابین ثقافتی اور پارلیمانی تبادلوں کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ امید ہے کہ سبکدوش ہونے والے سفیر پاکستان اور کیوبا کے مابین تعلقات کو فروغ دینے کے لئے کام کرتے رہیں گے۔۔

شمال بقیہ 11

مشروط کیا تھا لیکن وزیراعظم عمران خان نے ہزارہ برادری کو واضح پیغام دیتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم کو اس طرح بلیک میل نہیں کیا جا سکتا۔ ہزارہ برادری آج ہی تدفین کرے میں گارنٹی دیتا ہوں آج ہی کوئٹہ جاؤں گا۔ لیکن شہدا کمیٹی نے میتوں کی تدفین نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ سانحہ مچھ شہدا کمیٹی نے وزیراعظم کا شہدا کی تدفین کا مطالبہ مسترد کر دیا۔ میڈیا رپورٹس میں بتایا گیا ہے کہ سانحہ مچھ کی شہدا کمیٹی نے فیصلہ کیا ہے کہ دھرنا جاری رہے گا اور تدفین بھی نہیں کی جائے گی۔ ان کا کہنا ہے کہ میتیں وہاں نا ہوتی تو شدید سردی میں دھرنا دینے کی ضرورت کیوں پیش آتی۔ شہدا کمیٹی کے ممبران آغا رضا نے اعلان کیا کہ وزیراعظم نہ آئے تو لاشوں کے ساتھ اسلام آباد میں لانگ مارچ کریں گے۔

شمال بقیہ 12

کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ شاید سب سے زیادہ ظلم ہزارہ برادری کے لوگوں پر ہوا، خاص طور پر گزشتہ 20 برسوں میں 11 ستمبر 2001 کے بعد ان کے اوپر دہشت گردی، ظلم اور قتل کیا گیا وہ کسی اور برادری پر نہیں ہوا۔ انہوں نے کہا کہ جب بڑے بڑے سانحات ہوئے تو میں وہاں گیا اور میں نے ان کا خوف دیکھا، جب یہ مچھ کا واقعہ ہوا جہاں 11 ہزارہ برادری کے مزدوروں کو بے دردی سے قتل کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ اس سازش کا حصہ ہے جس کا میں نے گزشتہ مارچ میں کابینہ کو بتایا تھا اور عوامی بیانات دیئے تھے کہ بھارت پوری طرح پاکستان میں انتشار پھیلانے کی کوشش کر رہا ہے اور ایک جگہ ہے فرقہ وارانہ فسادات، جہاں بھارت کا منصوبہ ہے کہ شیعہ سنی علما کو قتل کرنا۔ انہوں نے کہا کہ میں ملک کی خفیہ ایجنسی کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے 4 بڑے دہشت گردی کے واقعات ہمارے اداروں کی وجہ سے بچ گئے تاہم اس کے باوجود کراچی میں ایک ہائی پروفائل سنی عالم کا قتل کیا گیا، جس پر بڑی مشکل سے ہم نے آگ بجھائی جو کہ فرقہ وارانہ تقسیم ہونے والی تھی۔

شمال بقیہ 13

دی۔ رپورٹ کے مطابق سیکڑوں کرونا کا شکار قیدی جیلوں میں قید ہونے کا انکشاف ہوا۔ رپورٹ کے مطابق سندھ کی جیلوں میں سب سے زیادہ 291 کرونا مثبت قیدی موجود ہیں، کے پی میں 126، بلوچستان میں 80 اور پنجاب کی جیلوں میں 3 کرونا مثبت قیدی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق بلوچستان کے علاوہ تینوں صوبوں کی جیلوں میں استعداد سے زیادہ قیدی موجود ہیں، صوبوں میں سب سے زیادہ خواتین پنجاب کی جیلوں میں قید ہیں۔ وفاقی محتسب نے ہر ضلع اور اسلام آباد میں جیل قائم کرنے کی تجویز دیدی جیلوں میں خواتین، کمسن اور نشے کے عادی قیدیوں کیلئے الگ جگہ مختص ہونی چاہیے۔۔

شمال بقیہ 14

نوجوانوں اور سول سوسائٹی سے تعلق رکھنے والے افراد نے وزیراعظم کے ہزارہ برادری کے دھرنے سے متعلق دیئے گئے بیان کیخلاف احتجاجی مظاہرہ کیا جبکہ اس موقع پر سجاد حسین، امان اور صادقہ نے بھوک ہڑتال کا اعلان کرتے ہوئے پریس کلب کے باہر کیمپ قائم کرلیا اس موقع پر سجاد حسین کا کہنا تھا کہ وزیراعظم نے ہزارہ برادری کے دھرنے سے متعلق بیان دیکر شہداء کی تذلیل کی ہے انکا بیان انسانیت سوز عمل ہے

شمال بقیہ 15

میڈیا پر معاہدے کی تصویر جاری کرتے ہوئے لکھا کہ یہ رہے مطالبات اور یہ رہا معاہدہ جو پچھلے 2 دن سے تیار ہے۔ علی زیدی نے مزید کہا کہ انسانی جان کی کوئی قیمت نہیں چکا سکتا تاہم معاوضے کی رقم کافی بڑھا دی ہے، تمام مطالبات تسلیم ہونے کے باوجود بھی وہ کون ہیں جو شہدا کی لاشوں پر سیاست کر رہے ہیں؟ وفاقی وزیر علی زیدی اور وزیراعظم عمران خان کے معاون خصوصی ذلفی بخاری چند روز قبل کوئٹہ پہنچے تھے جہاں انہوں نے مچھ سانحے میں جاں بحق ہونے والے افراد کی تدفین کے لیے ان کے لواحقین سے مذاکرات کیے تھے۔۔

شمال بقیہ 16

ہوئے آن لائن کرکے کرپشن ختم کردی ہے، امیگریشن کا ویزہ وہ بھی آن لائن کر رہے ہیں۔ ایف آئی اے اور نادرہ کو بھی ٹھیک کریں گے، اسامہ کا افسوس ناک واقعہ ہوا وزارت داخلہ امن وامان بہتر کرنے کے اقدامات کر رہی ہے۔ 19 جنوری کو اپوزیشن الیکشن کمیشن کے سامنے آرہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ فارن فنڈنگ میں پی پی اور ن لیگ کے دستخط نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کسی بھی وقت کوئٹہ جاسکتے ہیں، ہماری رائے ہے پہلے وہ جانے کا فیصلہ کر چکے ہیں، انشاء اللہ وہ جلد جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ جو افغان میں شہید ہوئے انکو بھی پیسے دینا چاہتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ تین ماہ سیاست میں بہت اہم ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ آئی جی اسلام آباد کو اسامہ ستی کے حساس معاملہ پر بتایا ایف آئی اے کے افسران کو بھی تبدیل کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ 19 جنوری کو الیکشن ہے اور یہ اسی دن الیکشن کمیشن کے سامنے آرہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چار دعوے کئے تھے وہ سارے سچ ثابت ہورہے ہیں

شمال بقیہ 17

ہزارہ قوم انتشار پھیلانے والوں پر نظر رکھیں، ہمیں قوم شہر اور صوبہ کے حوالے سے ناعاقبت اندیشی کی بجائے دور اندیشی کا مظاہرہ کرنا ہوگا سانحہ مچھ کے حوالے سے بنائی گئی جے آئی ٹی کو موثر بنانے، کول مائنز سمیت شہر شہر کیلئے نئے سیکورٹی پلان مرتب کرنے کے لئے پارلیمانی ارکان موثر کردار ادا کریں گے لواحقین کے مطالبات برحق ہیں دنیا بھر کے انسان دوست طبقہ لواحقین شہداء کے غم میں شریک ہے لواحقین سے دست بستہ دوبارہ درخواست ہے کہ میتوں کی تدفین کریں شہداء کے لواحقین کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑیں گے ان کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہے ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی جاری صورتحال کے حوالے سے جلسہ عام کے ذریعے جلد قوم سے رجوع کریگی۔۔

شمال بقیہ 18

جار انہوں نے کہا کہ ہماری رکنیت کی منسوخی کی ایک وجہ میاں شہباز شریف سے بہ حیثیت وزیراعلیٰ تعلقات تھے اس بابت نواب مگسی اور نواب زادہ نادر علی خان مگسی نے بلوچستان ہاؤس اسلام آباد میں آصف زرداری کی ہم آہنگی کا ذکر کیا، دوسرے دن ہمیں ایوان صدر ملاقات کے لیے لے گئے۔ ہم سیاسی کارکن ہیں ذاتی نوکر نہیں۔۔

شمال بقیہ 19

بیان میں کہی۔ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ ہزارہ برادری کے لوگ ہمارے بھائی ہیں ہمارے اور انکے درمیان کوئی فرق نہیں علماء اور ورثاء سے اپیل کرتا ہوں شہداء کی تدفین کریں۔ انہوں نے کہا کہ سانحہ مچھ کے بعد تفتیش اور جیسنگ کاروائیاں شروع کردی ہیں انشاء اللہ ملزمان تک پہنچ کر انہیں کیفرکردار تک پہنچائیں گے ۔

شمال بقیہ 20

عدالت نمبر 2 میں زیر سماعت مقدمات کی تفصیل جمع کرا دی ہے۔ جسٹس یحیٰی آفریدی نے استفسار کیا کہ لاہور کی احتساب عدالت نمبر 2 میں 46 مقدمات زیر التوا ہیں اور حمزہ شہباز کا کیس 44 ویں نمبر پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ نیب مقدمات کی روزانہ کی بنیاد پر سماعت کا حکم دے چکی، نیب ہمیں بتائے کہ حمزہ شہباز کیس کا ٹرائل کب مکمل ہوگا۔

شمال بقیہ 21

رحم نہیں آتا تو کم از کم ان نعشوں پر ہی رحم کریں جو گذشتہ چھ روز سے پڑی ہوئی ہیں۔ پتہ نہیں وہ کوئٹہ جانے کیلئے کس کے حکم اور اجازت کا انتظار کر رہا ہے؟ بلوچستان کے تمام اقوام میں اس قسم کے رویے سے احساس محرومی مزید بڑھے گی، وہ بھی برابر کے پاکستانی ہیں، اس قسم کے حکمران پاکستان پر مسلط ہوں گے تب تک دہشتگردی تو کیا ملک کا کوئی مسئلہ حل نہیں ہوسکتا۔ یہ طالبان کے ہمدرد ان میں عوام کی ہمدردی کا جذبہ موجود نہیں، یہ کٹھ پتلی کبھی نہیں سکتے۔ یہ عوام کے درمیان جا ہی نہیں سکتے وزرا کا لشکر دیکھ کر کپتان کو کوئٹہ جانے کی ہمت نہیں کررہا۔۔

شمال بقیہ 22

رہنماؤں کے اتحاد سمیت دیگر معاملات پر اہم گفتگو کی اور مستقبل میں اہم پیش رفت کی امید ظاہر کی۔ اس موقع پر امیر جماعت اسلامی سینیٹر سراج الحق نے حافظ حسین احمد کو منصورہ لاہور آنے کی دعوت بھی دی۔ اس موقع پر جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر عبدالحق ہاشمی، جماعت اسلامی پنجاب کے امیر مولانا جاوید قصوری، صوبہ بلوچستان کے جنرل سیکرٹری مولانا ہدایت الرحمن، جماعت اسلامی ضلع کوئٹہ کے جنرل سیکرٹری پروفیسر سلطان کاکڑ، ڈاکٹر عطا اللہ، حافظ منیر احمد ایڈووکیٹ اور دیگر موجود تھے۔۔

شمال بقیہ 23

اہمیت دیتا ہے، دونوں ممالک کے مابین دفاعی تعاون کا دائرہ کار شامل ہے، دونوں ممالک مزید تعاون کی وسعت کیلئے کوشاں ہیں۔ سفیر نواف بن سعید المالکی نے دفاعی تعاون کو مزید توسیع اور دفاعی پیداوار کے میدان میں ٹیکنالوجی کی منتقلی میں اضافہ کرنے کی خواہش کا اظہار کیا۔ انہوں نے پاکستان آرمڈ فورسز کے تربیتی اداروں میں قائم معیار کو برقرار رکھنے والی فوجی تربیت کو سراہا، سیکرٹری دفاع نے سعودی سفیر کو بیک منصوبوں کے ذریعہ علاقائی معاشی تعاون سے پیدا ہونے والے مواقع سے آگاہ کیا۔

شمال بقیہ 24

فارمنگ، کراس بریڈنگ، گوشت اور دودھ کی پیداوار، فیڈ طرز، جانوروں کی افزائش کی خاطر پودے اگانے کیلئے وسیع اراضی دستیاب ہے، اسکے علاوہ لائیو اسٹاک کے متعدد دوز تعمیر کیے جا رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی معیشت کا 20 فیصد حصہ لائیو اسٹاک پر منحصر ہے، یہاں کے تمام مویشی نامیاتی اور دیسی نسل کے ہیں جنکے باعث بین الاقوامی سطح پر انکی کافی مانگ ہے

شمال بقیہ 25

شدید مشکلات کا سامنا تحصیلات کے مطابق محکمہ موسمیات قلات کے انچارج شیر احمد مینگل کے مطابق گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران قلات میں درجہ حرارت منفی 13 ریکارڈ کیا گیا۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ ایک طرف یخ بستہ ہواؤں کی وجہ سے لوگ گھروں میں محصور ہو کر رہ گئے ہیں۔ ایک طرف گیس کی مکمل بندش جاری ہے جس سے گھریلو صارفین کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جبکہ خواتین کو امور خانہ داری میں بھی شدید دشواریوں کا سامنا ہے۔ جبکہ دوسری جانب بجلی کی آنکھ مچولی نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے عوامی حلقوں نے چیف جسٹس آف پاکستان، وفاقی محتسب اعلیٰ و دیگر ذمہ داران سے گیس بندش اور بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا۔۔

شمال بقیہ 26

پھیلاؤ کا خدشہ ہے اور دوسری جانب سیکورٹی تھریٹ بھی جاری ہوا ہے اس لیے امن و امان کی صورتحال کے پیش نظر دھرنا فوری طور پر ختم کیا جائے، جبکہ تیسرا اہم نکتہ جو کمیٹی نے ان کے سامنے آج ایک بار پھر ان کے سامنے رکھا کہ چونکہ کمیٹی بنائی گئی ہے اس لیے ان شہداء کے اصل خونی رشتہ داروں کو ہمارے سامنے پیش کیا جائے

شمال بقیہ 27

کے نام لکھے گئے ایک مراسلے میں درخواست کی گئی ہے مچھ کے دلخراش واقعہ کے بعد ہونے سیکورٹی خدشات ہیں جبکہ کورونا وائرس کی دوسری لہر میں دھرنے کے شرکاء کی جانب سے احتیاطی تدابیر پر عملدرآمد نہ ہونے کی وجہ سے وائرس کے پھیلاؤ کا بھی خدشہ موجود ہے مراسلے میں ڈپٹی کمشنر نے کہا ہے کہ سیکورٹی خدشات اور کورونا وائرس کی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے کسی بھی ناخوشگوار واقعہ کے پیش نظر دھرنے کو ختم کردیا جائے۔

شمال بقیہ 28

شہید ہوئے ہیں پرنٹ، الیکٹرانک اور سوشل میڈیا صارفین سے گزارش ہے کہ وہ درست اعداد و شمار شیئر کریں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے لیاقت شاہوانی نے کہا کہ گزارش کی جاتی ہے کہ سانحہ مچھ میں 10 مزدوروں کو شہید کیا گیا ہے جبکہ کچھ میڈیا چینلز و سوشل میڈیا 11 شہداء کی میتیں رپورٹ کررہے ہیں جو درست نہیں لہٰذا تمام صحافیوں و سوشل میڈیا صارفین سے درخواست ہے کہ وہ درست اعداد و شمار چلائیں۔۔

شمال بقیہ 29

ملک سلیم بالغ سے برآمد مقتول کو نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے قتل کیا مقتول سے دوروز قبل خاندان کے افراد نے رابطہ کیا تھا جس پر انہوں نے کہا تھا کہ وہ گھر جا رہے ہیں اسکے بعد انکا اپنے گھر والوں سے کوئی رابطہ نہیں ہوا انسپکٹر ایس ایچ او صدر تھانہ محمد شریف موسیٰ خیل کے مطابق عبدالرزاق کو ایک گولی لگی جس سے انکی ہلاکت ہوئی مقتول کے جیب سے کچھ سونا بھی برآمد ہوا ہے جو کہ لورالائی میں زرگری کا کام کرتا تھا جنکا تعلق دکی کے علاقے یارو شہر سے تھا پولیس نے لاش ضروری کاروائی کیلئے لورالائی ٹیچنگ ہسپتال پہنچایا جنہیں بعد میں انکے ورثاء کے حوالے کردیا پولیس نے قتل کا مقدمہ درج کرکے تفتیش شروع کرکے ملزمان کی گرفتاری کیلئے کاروائی شروع کردی۔۔

شمال بقیہ 30

طور پر مقیم تھے۔ نجی ٹی وی ڈان نیوز کے مطابق مچھ واقعہ میں عزیز رضا، محمد ناظم، عبدالرحیم، انور علی، شیر محمد، احمد شاہ، محمد صادق، چمن علی، حسین جان، آصف علی اور عبداللہ تھے اور تمام کوئٹہ کے ہزارہ ٹاؤن کے رہائشی تھے قتل کیے گئے افغان قونصل جنرل نے وزارت خارجہ کو ایک خط بھی لکھا تھا جس میں درخواست کی گئی تھی کہ بلوچستان کے ضلع بولان کے پہاڑی علاقے میں دہشت گردی کا نشانہ بننے والے 11 کان کنوں میں سے 3 کی لاشیں افغانستان بھیج دی جائیں۔ کوئٹہ میں قونصلیٹ جنرل افغانستان کی موصول ہونے والی ایک فہرست سے معلوم ہوا کہ ان کان کنوں میں سے 7 افغان تھے۔ سامنے آنے والی دستاویز کے مطابق افغان شہریوں میں سے 4 کے پاس مہاجرین کارڈ تھے جبکہ 3 افراد غیر قانونی طور پر پاکستان میں مقیم تھے۔ ساتھ ہی یہ بھی بتایا گیا کہ مرنے والے تمام افغانوں کا تعلق صوبہ دایکندی سے تھا۔

شمال بقیہ 31

صادق سنجرانی نے حلف لیا، نصرت شاہین کلثوم پروین کی وفات سے خالی نشست پر بلامقابلہ سینیٹر منتخب ہوئی تھیں۔

شمال بقیہ 32

اللہ انہی لوگوں کیلئے استعمال کیا جو ہر معاملے پر سیاست کرتے ہیں، انسانیت سے عاری ہے جس دو تین جوالیوں پر بھی سیاسی دوکان چمکانے سے باز نہیں آتے۔ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ انسانیت سے عاری ہے جس دو تین جوالیوں پر بھی سیاسی دوکان چمکانے سے باز نہیں آتے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم نے بلیک میلنگ کا لفظ انہی لوگوں کیلئے استعمال کیا جو ہر معاملے پر سیاست کرتے ہیں۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ وزیراعظم مظلوموں کے دکھوں میں برابر کے شریک ہیں اور متاثرہ خاندانوں کو انصاف دلانا اولین فریضہ سمجھتے ہیں۔

شمال بقیہ 33

لیفٹیننٹ جنرل ساحر شمشاد مرزا سے ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ امریکی سفارتخانے کے مطابق امریکی معاون وزیر دفاع نے افغانستان امن مذاکرات میں پاکستان کی حمایت کو سراہا، ملاقات میں تشدد میں کمی کی اشد ضرورت پر زور دیا گیا، افغان حکومت اور طالبان مذاکرات کاروں کے درمیان بامقصد مذاکرات پر زور دیا گیا، امریکی معاون وزیر دفاع نے پاکستان کے ساتھ طویل مدت باہمی فائدہ مند سیکیورٹی شراکت داری کے عزم کا اعادہ کیا

شمال بقیہ 34

ایس ایل) کے چھٹے ایڈیشن کی میزبانی کرے گا۔ سخت کورونا پروٹوکول میں پی ایس ایل کے چھٹے ایڈیشن کو کامیابی کے ساتھ کرنے کے لئے تیاریاں زوروں پر ہیں۔ ذرائع کے مطابق لیگ میں شرکت کرنے والے کھلاڑی 15 فروری سے بائیو سیکیور ببل میں جانا شروع کریں گے۔ غیرملکی کرکٹرز کورونا ٹیسٹ منفی آنے کے بعد پاکستان کا سفر کریں گے جہاں کراچی میں کھلاڑیوں کی مزید 2 مرتبہ ٹیسٹنگ کی جائے گی، ٹیسٹنگ میں منفی نتائج آنے کے بعد کھلاڑیوں کو ٹریننگ کی اجازت دی جائے گی۔ پی سی بی نے اعلان کیا ہے کہ وہ کرونا ایس او پیز کی خلاف ورزی کرنے والوں سے سمجھوتہ نہیں کرے گا۔ ذرائع کے مطابق کورونا ٹیسٹ مثبت آنے والے کھلاڑی کو 5 روز کے لیے قرنطینہ میں جانا پڑے گا اور آئسولیشن کے دوران بھی 2 مرتبہ اسے ٹیسٹنگ کے مرحلے سے گزرنا ہوگا۔ یہاں یہ واضح رہے کہ کراچی کنگز اپنے پی ایس ایل ٹائٹل کا دفاع کریں گی۔ پچھلے ایڈیشن کے فائنلز 10 جنوری کو متوقع ہیں۔

شمال بقیہ 35

بلوچستان جام کمال سے بات چیت کرتے ہوئے شہزادہ ارباب نے کہا کہ دونوں ممالک کے مابین تجارت کے ہموار عمل میں رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے تمام ضروری اقدامات کریں گے۔ افغانستان کے لئے پاکستان کی نئی ویزا پالیسی سے طویل مدتی تعلقات کو مزید مستحکم بنانے میں مدد ملے گی اور ہمسایہ ممالک کے مابین تجارتی حجم میں اضافے کے ساتھ معیشت مستحکم اور مقامی آبادی کو روزگار کے بہتر مواقع میسر آئیں گے۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال نے وزیراعظم کے معاون خصوصی شہزادہ اکبر کی سربراہی میں ملنے والے وفد کا شکریہ ادا کیا اور ان کی کوششوں کو اولین قرار دیا

شمال بقیہ 36

سے کھیلے جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ جمعیت علمائے اسلام کے مرکزی کونسل کے رکن ایم پی اے میر یونس عزیز زہری کا کہنا تھا کہ عوام کی فلاح و بہبود کے لئے ہم اپنی جدوجہد آئندہ بھی اسی طرح جاری رکھیں گے، جو بھی وسائل ہمیں بجٹ میں ملتے ہیں انہیں عوام کے سامنے رکھتے ہیں، ہماری جانب سے کوشش ہے اور نتائج اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہیں۔ جب بھی کوئی مسئلہ درپیش ہو چاہے وہ خضدار میں ہو یا پورے بلوچستان میں ہو اس کے لئے آواز بلند کرتے رہے ہیں اور یہ جدوجہد آئندہ بھی جاری رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکمرانوں کی جانب سے ناانصافی اور وسائل کا منصفانہ انداز میں تقسیم نہ ہونا قوموں کے درمیان غلط فہمیوں اور تشویش میں اضافہ کرتے ہیں، اس کے لئے آئین پاکستان ایک مسودہ ہے آئین پر عملدرآمد کرتے ہوئے صوبوں اور اضلاع میں عوام کے حقوق انہیں بہتر انداز میں دیئے جاسکتے ہیں۔۔

شمال بقیہ 37

سے شدید سردی میں لاشیں لاکر احتجاج پر بیٹھے ہیں لیکن نااہل وزیراعظم جانے کو تیار نہیں ہیں، ملک میں مجموعی طور پر امن و امان کی صورت حال خراب ہے اسلام آباد شہر میں وفاق کے ناک کے نیچے اسامہ نامی نوجوان طالب علم کو 22 گولیاں مار کر قتل کردیا گیا ہے ملک میں کہیں بھی قانون کی رٹ موجود نہیں ہے جہاں بھی جو چاہے کرسکتے ہیں، ملکی معیشت تباہ ہوگئی ہے 2020/19 کے بجٹ میں جی ڈی پی گروتھ زیرو دیکھایا گیا ہے اگر یہی صورت حال رہا تو سرکاری ملازمین کو تنخواہیں نہیں دے سکیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے بی بی سی میں میڈیا پاک کے ایک گروپ سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر جمعیت علماء اسلام کے ضلعی امیر مولانا محمد ادریس، مولانا محمد حنفی، مولانا خدا بخش رند، مولانا تاج محمد، ڈاکٹر محمد سلطان اور دیگر رہنماء موجود تھے، جمعیت علماء اسلام کے مرکزی جنرل سیکرٹری و سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ موجودہ حکومت نااہل اور نالائق ہے قوم کو اس نالائق اور نااہل حکمران سے جلد نجات دلائیں گے۔

شمال بقیہ 38

مظاہرین کے ساتھ معاملات اچھے ہینڈل نہیں ہوئے جتنے ہونے چاہیے تھے۔ ہزارہ برادری کی کلنگ ایک پیچیدہ معاملہ ہے، ہزارہ برادری کی کلنگ اندرون سے زیادہ بیرون کا معاملہ ہے۔ فواد چوہدری نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردی میں باقاعدہ بیرونی ہاتھ ہے، پی ٹی آئی کی حکومت نہیں ماضی میں بھی ایسی سازشیں ہوتی رہیں، مودی اور اجیت دوول کی باقاعدہ بلوچستان میں دہشت گردی کی پالیسی ہے۔۔

شمال بقیہ 39

ہیں۔ کیا سلیکٹرز جانتے ہیں کہ ان کے انتخاب کی وجہ سے برادر دوست ناراض ہوئے، خارجہ پالیسی برباد کردی، گورننس کا ستیاناس کیا اور اب مظلوموں کو بلیک میلرز کا لقب دے کر انسانیت کی توہین کی جارہی ہے۔ جس کو کوئٹہ جانے کی اجازت نہیں مل رہی ان کی کیا حیثیت ہے کہ آرڈر دے رہے۔ وزیراعظم کے پاس کتوں کے کھیلنے اور ڈرامے دیکھنے کا وقت ہے، متاثرین سے بات کرنے کا نہیں۔ ہزارہ برادری سے درخواست کرتی ہوں کہ وہ اپنے پیاروں کو دفنا دیں کیونکہ جس انسان سے آپ امید لگائے بیٹھے ہیں اس کے سینے میں دل نہیں ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو سابق وفاقی وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل کی رہائش گاہ پر پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر مرکزی سیکرٹری اطلاعات مریم اورنگزیب، سینیٹر پرویز رشید، احسن اقبال، رانا ثناء اللہ، سابق وفاقی وزیر خرم دستگیر خان، خواجہ طارق نذیر، علی اکبر گجر اور دیگر بھی موجود تھے۔ مریم نواز نے کہا کہ ہزارہ برادری پر قیامت ٹوٹ پڑی ہے۔

شمال بقیہ 40

گے۔ انہیں مظاہرین سے اظہار یکجہتی کے لیے کراچی سمیت ملک بھر میں احتجاجی مظاہروں اور دھرنوں کا سلسلہ جاری ہے، تاہم شہر قائد میں مسلسل چوتھے روز 29 مقامات پر شیعہ تنظیموں کے رہنما و کارکنان احتجاج کر رہے ہیں۔ اسی احتجاج کے دوران ناتھا خان پل کے قریب عوام اور مظاہرین میں تصادم دیکھنے میں آیا جس کے نتیجے میں 6 موٹرسائیکلز کو نذر آتش کر دیا گیا۔ تھانہ شاہ فیصل پولیس کے ایک بیان میں بتایا کہ واقعہ شاہ فیصل کالونی کٹ، ناتھا خان پل کے قریب پیش آیا، جہاں عوام نے 6 موٹر سائیکلوں کو نذر آتش کیا۔ بیان میں بتایا گیا کہ پولیس نے صورتحال کو قابو کرکے آگ کو بجھا دی تاہم واقعے میں کوئی ہلاکت رپورٹ نہیں ہوئی۔ دوسری جانب شہر کے 29 مقامات پر مچھ واقعے کے خلاف احتجاج مظاہرے و دھرنے جاری ہیں، مظاہرین کی جانب سے مرکزی دھرنا نمائش چورنگی پر دیا جارہا ہے جبکہ دیگر مقامات پر بھی مظاہرے جاری ہیں۔

شمال بقیہ 41

خیر مقدم کرتے ہیں چمن پاک افغان بارڈر کا دورہ اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر کی ہدایات پر کیا گیا وفد میں وزیراعظم کے معاون خصوصی ارباب شہزاد کی سربراہی میں چمن پاک افغان بارڈر باب دوستی کا دورہ کیا وفد نے این ایل سی پراجیکٹ کا مکمل معائنہ بھی کیا اس کے علاوہ پاک افغان باب دوستی گیٹ کا معائنہ بھی کیا تاجر برادری نے اپنے درپیش مسائل اور بارڈر پر ہونے والے مسائل کے بارے وفد کو بتایا جو دو طرفہ تاجروں کے ساتھ ہوتے ہیں اور وفاقی حکومت کو چاہیے کہ اپنے پالیسی پر نظرثانی کرے جن کی وجہ سے کاروبار پر اثر پڑتا ہے۔

شمال بقیہ 42

موقف پر کابینہ کے اراکین سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس دوران بی این پی عوامی کے مرکزی کمیٹی کے رکن شکیل احمد بلوچ ان کے ہمراہ تھے ڈی ایف اے کے صدر نیاز الدین بلوچ نے ڈپٹی کمشنر کو اسپورٹس کے مسائل سے آگاہ کیا اس دوران ڈی ایف اے کے سیکرٹری نذیر احمد صوفی رسول بخش اور دیگر سینئر کھلاڑی بھی موجود تھے ڈپٹی کمشنر چاگئو نے کہا کہ کھیل معاشرے کی ایک بنیادی جز ہیں اور کھیلوں سے وابستہ افراد کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا ہے حکومت کی یہ کوشش ہے کہ کھیل کے میدان آباد رہیں اور اس مقصد کے لیے صوبائی وزیر میر اسد اللہ بلوچ کے توسط سے تیس کروڑ روپے کی لاگت سے ڈسٹرکٹ کمپلیکس تعمیر ہو رہا اور 28 کروڑ روپے کی خطیر رقم سے سات فٹبال اسٹیڈیم کا بھی عنقریب ٹینڈر ہونے والے ہیں اور ایک کرکٹ اسٹیڈیم بھی شامل ہے

شمال بقیہ 43

سنگ میل ثابت ہوگی اور اس کے اثرات تمام ملکوں کے لیے ترقی وخوشحالی میں اضافے کا سبب بنیں گے۔ جمعہ کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سعودی عرب نے خلیجی ممالک سے تجارتی پابندیاں اٹھا کر پورے عالم اسلام کے دل جیت لیے ہیں۔ چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی پاکستان مولانا سید عبدالخبیر آزاد نے کہا کہ خلیجی تعاون کونسل کے سعودی عرب میں اجلاس کے انعقاد سے پورے عالم اسلام میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے

شمال بقیہ 44

کے ترقیاتی پیکیج سے ایک جدید اور ماڈل شہر بنایا جاسکتا تھا لیکن یہ عوام کا صرف ایک خواب ہی تھا فنڈز کا میرٹ اور انصاف کے تقاضوں پر خرچ نہ ہونے سے ایک طرف قومی خزانے کو کروڑوں روپے کا نقصان پہنچ رہا ہے اور دوسرے جانب شہر کی خوبصورتی ماند پڑ رہی ہے اسی طرح کے غیر معیاری سڑکیں بنانی ہی تھی تو اس پہلے والے سڑکیں ہی کافی تھی عوام کو کروڑوں روپے کے فنڈز سے ان ترقیاتی منصوبوں سے بہت زیادہ امیدیں وابستہ تھی اس خطیر رقم سے تو ایک نیا شہر بن سکتا تھا لیکن اس طرح کے ترقیاتی منصوبوں سے انکی تمام امیدوں پر پانی پھر گئی شہر روڈز کی حالت انتہائی خستہ ہے اس پر بھی ارباب اختیار نے کوئی توجہ نہیں دی اسی طرح سیوریج لائن کی تعمیر کردی گئی لیکن اس میں بھی اعلیٰ معیار کا کوئی خیال نہیں رکھا گیا۔

شمال بقیہ 45

مصباح، سینیٹر ناصر صدر، ناصر حمید خان اور نائب صدر طاہر منظور چوہدری نے کہا کہ ویلیوایشن زمینی حقائق کے مطابق ہونی چاہیے۔ وفد کے دیگر اراکین میں مدثر منظور، شہریار بٹ اور محمد عاصم بٹ شامل تھے۔ وفد نے لاہور چیمبر کے عہدیداروں کو آگاہ کیا کہ ٹریکٹرز کے درآمد شدہ آٹو پارٹس کی ویلیوایشن میں کئی سو گنا اضافہ کردیا گیا ہے جو سراسر ناانصافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ امپورٹرز پہلے ہی بہت سے ٹیکسز اور ڈیوٹیاں ادا کر رہے ہیں، اب ویلیوایشن میں کئی سو گنا اضافہ جلتی پر تیل کا کام کرے گا۔ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے عہدیداروں نے کہا کہ ٹریکٹر کے درآمدی پارٹس کی ویلیوایشن میں اضافے سے امپورٹرز متاثر ہوں گے، ٹریکٹر انڈسٹری کو بھاری دھچکا لگے گا، زرعی شعبہ بری طرح متاثر ہوگا اور سمگلنگ کو فروغ ملے گا جو کسی طرح بھی ملکی معیشت کے مفاد میں نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹریکٹرز مہنگے ہونے سے کسانوں کی پہنچ سے باہر ہو جائیں گے۔

شمال بقیہ 46

جانب وکلا تنظیموں کی جانب سے مچھ واقعہ کی پرزور الفاظ میں مذمت کی گئی۔ وکلا نے ہزارہ برادری کے شہداء کے قاتلوں کی فوری گرفتاری کا مطالبہ کیا۔۔

شمال بقیہ 47

زیدی نے کہا کہ تمام مطالبات تسلیم ہونے کے باوجود بھی وہ کون ہیں جو شہدا کی لاشوں پہ سیاست کر رہے ہیں؟۔۔

شمال بقیہ 48

دھمکیاں دے رہا ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ عمران خان کی تنگ نظری پہلے ہی قوم پر عیاں تھی اور اب بے حسی بھی مزید واضح ہوگئی ہے قوم کو ایسے حکمرانوں کی ضرورت نہیں جو ان کے دکھ سکھ میں شریک ہونے سے بھی قاصر ہو، نالائق حکمرانوں کا بس چلتا تو سانحہ مچھ کی ذمہ داری بھی اپوزیشن پر ڈال دیتے، مدینہ کی ریاست میں تو جنازوں کا بڑا احترام تھا مگر نالائق وزیراعظم میں تو نعشوں سے بھی ضد لگانے کی صلاحیت ہے ریاست کے سربراہ کی حیثیت باپ جیسی ہوتی ہے بچوں کی نعشیں سڑکوں پر پڑی ہیں اور باپ اجلاس کرتا پھر رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے رائے ونڈ فارم ہاؤس پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا

شمال بقیہ 49

اور وہ شدید اذیت میں جتنا سڑکوں پر سراپا احتجاج ہیں اس کے باوجود نااہل حکمرانوں اور انتظامیہ کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگتی ہیں پاکستان غریبوں کی پارٹی شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہے وہیں سلیکٹڈ حکمران سوشل میڈیا پہ کورٹ بیچ کا نام پر اربوں کے ترقیاتی کاموں کے دعویٰ تو کرتے ہیں مگر ترقیاتی کام تو دور کار عوام کے بنیادی مسائل تک حل نہیں ہورہے ہیں اور آج عوام سڑکوں پر سراپا احتجاج ہیں اس سے حکمرانوں کی نااہلیت اور نالائق ثابت ہوتی ہیں کہ وہ عوام کو بنیادی حقوق دینے اور فراہم کرنے میں ناکام ہو چکے ہیں ہم سمجھتے ہیں کہ اگر پاکستان میں کوئی سیاسی حکومت ہوتی تو آج پاکستان کے غریب عوام کے مسائل کو سنا بھی جاتا اور ان کو حل بھی کیا

شمال بقیہ 50

کو (بروز اتوار) سریاب گرڈ اسٹیشن کے اولڈ لیاقت بازار، چلتن، سمنگلی ایکسپریس، جان محمد روڈ، سریاب II، نیو جان محمد فیڈروں سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے بجلی بند ہوگی۔ نیز اسی روز کوئٹہ سٹی گرڈ کے اسٹیڈیم فیڈر سے دوپہر 2 بجے سے شام 6 بجے تک۔ 132 کے وی ٹرانسمیشن لائن پر کام کے باعث گوادر، گوادر انڈسٹریل گرڈ اسٹیشنوں سے صبح 9 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند رہے گی۔ اسی طرح 11 جنوری کو سریاب گرڈ کے اولڈ جان محمد، جائنٹ روڈ، اولڈ سٹلائٹ ٹاؤن شیخ ماندہ گرڈ کے چشمہ، ویسٹرن بائی پاس، انڈسٹریل گرڈ کے نیو پشتون آباد اور ایسٹرن بائی پاس فیڈروں سے صبح 11 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی بند ہوگی۔

شمال بقیہ 51

45 کرم۔I میں مرد رائے دہندگان کی تعداد 103446 خواتین رائے دہندگان کی تعداد 77485۔ پی کے۔63 نوشہرہ۔III میں مرد رائے دہندگان کی تعداد 79063 خواتین رائے دہندگان کی تعداد 62871 کل رائے دہندگان کی تعداد 141934 ہے۔ رائے دہندگان اپنے ووٹ کی تفصیلات اپنا شناختی کارڈ نمبر 8300 پر ایس ایم ایس کر کے حاصل کرسکتے ہیں۔ رائے دہندگان کی سہولت کے پیش نظر، عنقریب 8300 ایس ایم ایس میں پولنگ اسٹیشنز کی تفصیلات بھی شامل کردی جائے گی جس کے بارے میں بذریعہ اخبارات آگاہی دی جائے گی۔ #/#

شمال بقیہ 52

نوجوان فنکار موجود ہیں جبکہ یہ سب سندھ اسمبلی میں ہیں۔ پی پی رہنما نے ٹوئٹر پر تصویر شیئر کرتے ہوئے لکھا کہ لیاری کے ان حیرت انگیز نوجوان فنکاروں سے ملے۔ جنہوں نے بھٹو خاندان کی زبردست خاکے تیار کیے۔ شرمیلا فاروقی نے نوجوان فنکاروں کے کام کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے نوجوانوں کے پاس لاجواب صلاحیتیں ہیں جس کی وجہ سے ہمیں ان پر فخر ہے۔

شمال بقیہ 53

کہنا ہے کہ جب تک عمران خان صاحب تشریف نہیں لائیں گے دھرنا جاری رہیگا۔ شیعہ علماء اور امام جمعہ غلام حسنین کا وزیراعظم کے بیان پر ردعمل کے حوالے سے کہنا تھا کہ سانحہ مچھ کے لواحقین کا مطالبہ ہے کہ وزیراعظم خود کوئٹہ تشریف لائیں لواحقین کا مطالبہ ہے کہ وزیراعظم خود کوئٹہ آکر مطالبات کے تسلیم کرنے کے حوالے سے اعلان کریں ان کا کہنا تھا کہ ان کے خیال میں عمران خان کے کوئٹہ آنے میں مضائقہ نہیں مرحومین کی تدفین کے حوالے سے دھرنے کے منتظمین ذمہ دار نہیں ہیں تدفین کا فیصلہ لواحقین نے کرنا ہے ہم ان کے فیصلے کے تابع ہیں اسی طرح جاں بحق کان کن کے بھائی عبداللہ کے بھائی عمار یاسر کا کہنا تھا کہ ہم جانتے ہیں۔

شمال بقیہ 54

دفتر جاموٹ قومی موومنٹ پر حملہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں یہ حملہ جاموٹ قومی موومنٹ کے دفتر پر نہیں بلکہ تمام سیاسی پارٹیوں پر حملہ تصور کرتے ہیں یہ ہماری سیاسی درسگاہیں جہاں پر نوجوانوں کے اندر سیاسی شعور پروان چڑھتا ہے ظلم کی انتہا ہے کہ دن دیہاڑے سیاسی دفتر پر حملہ سیاسی شعور کو روکنے کے مترادف ہے اور پسماندہ علاقوں کو مزید تباہی کی طرف دھکیلنے کی سازش ہے اجلاس میں مشترکہ طور پر فیصلہ کیا گیا کہ 9 جنوری بروز ہفتہ صبح 11 بجے اس غیر قانونی حملے کے خلاف دفتر جاموٹ قومی موومنٹ سے احتجاجی ریلی نکالی جائے گی اور قبضہ مافیا کے خلاف قانونی کارروائی تک جدوجہد جاری رہے گی۔

شمال بقیہ 55

لانگو کو کامریڈ نور احمد جاموٹ مولانا محمد یوسف گویا غلام حسین بلوچ گل محمد ہاشمی نور محمد ہاشمی کامریڈ منظور احمد خدا بخش مغیری مقصود احمد ہاشمی وزیر و مغل ایزد و منظور احمد ایزد صدر واخان بوبزدو دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دفتر جاموٹ قومی موومنٹ پر حملہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں یہ حملہ جاموٹ قومی موومنٹ کے دفتر پر نہیں بلکہ تمام سیاسی پارٹیوں پر حملہ تصور کرتے ہیں یہ ہماری سیاسی درسگاہیں جہاں پر نوجوانوں کے اندر سیاسی شعور پروان چڑھتا ہے ظلم کی انتہا ہے کہ دن دیہاڑے سیاسی دفتر پر حملہ سیاسی شعور کو روکنے کے مترادف ہے اور پسماندہ علاقوں کو مزید تباہی کی طرف دھکیلنے کی سازش ہے اجلاس میں مشترکہ طور پر فیصلہ کیا گیا کہ 9 جنوری بروز ہفتہ صبح 11 بجے اس غیر قانونی حملے کے خلاف دفتر جاموٹ قومی موومنٹ سے احتجاجی ریلی نکالی جائے گی اور قبضہ مافیا کے خلاف قانونی کارروائی تک جدوجہد جاری رہے گی۔۔

شمال بقیہ 56

علی 70 سالہ بیمار زوجہ مقتول اور 17 سالہ صائمہ دختر محمود نے گاجر کا حلوہ کھایا تو حلوہ کھاتے سب کی حالت خراب ہو گئی تو اس سلسلہ میں ریسکیو 1122 کو علاقہ کے مکینوں نے اطلاع دی تو ریسکیو 1122 کی ٹیم نے متاثرہ افراد کو ابتدائی طبی امداد دینے کے بعد تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال پسرور منتقل کردیا۔

شمال بقیہ 57

بیان میں کہی۔ حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ گزشتہ چھ روز سے ہزارہ برادری کے افراد لواحقین اور انصاف کی طلب میں لاشیں سڑک پر رکھ کر بیٹھے ہیں وزیراعظم نے بے حسی کی انتہا کردی ہے جس کے بعد دھرنے اور احتجاج کو بلیک میلنگ کا نام دینا انسانیت سوز عمل ہے انہوں نے کہا کہ ریاست کے سربراہ کی حیثیت سے وزیراعظم کی ذمہ داری ہے کہ وہ ہر ایک کی دلجوئی اور انصاف فراہم کرنے کے لئے انکے پاس جائیں وزیراعظم کا ہزارہ برادری کے احتجاج سے متعلق دیا بیان انتہائی نامناسب ہے وزیراعظم ہزارہ کمیونٹی کے زخموں پر مرہم رکھنے کی بجائے انکے زخموں پر نمک چھڑک رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گذشتہ کئی روز سے میتیں رکھ کر وزیراعظم کا انتظار کرنے والوں پر اس طرح کا الزام لگانا شرمناک عمل ہے وزیراعظم بیان واپس لیکر ہزارہ کمیونٹی سے معافی مانگیں۔

شمال بقیہ 58

سے ہزارہ برادری کے ساتھ ظلم اور بلوچ پشتون کے ساتھ زیادتی کی جارہی ہے اور انہیں بے گناہ قتل کیا جارہا ہے اور حکومت کو چاہیے کہ وہ ہزارہ برادری کے مطالبات کو فوری تسلیم کریں۔ ہم ہزارہ برادری کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہوئے ہیں۔۔

شمال بقیہ 59

خصوصی اجلاس چیئرمین ضلعی بہبود فنڈ بورڈ/ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل/ سیکرٹری ضلعی بہبود فنڈ بورڈ محمد فاروق اکمل، چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی ڈاکٹر محمد اسلم چوہدری، چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن مقبول شاکر، حمیرہ رفیق اور بلقیس نے اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں ضلعی بہبود فنڈ بورڈ میں دی جانے والی درخواستوں پر غور کیا گیا اور 1483 کفن دفن، میرج گرانٹ، تعلیمی وظائف اور مالی امداد کی درخواستوں کی منظوری دی گئی۔ 150 کفن دفن درخواستوں کی منظوری دیتے ہوئے 56 لاکھ 32 ہزار فنڈ روپے، 407 میرج گرانٹ کے کیسوں کو منظور کرتے ہوئے 2 کروڑ 74 لاکھ 45 ہزار روپے، 887 تعلیمی وظائف کے کیسوں کو منظوری کرتے ہوئے 1 کروڑ 46 لاکھ 85 ہزار روپے جبکہ 39 مالی امدادی درخواستوں کی بابت 12 لاکھ 43 ہزار روپے جاری کرنے کی منظوری دی گئی۔۔

شمال بقیہ 60

انچارج نجیب احمد، جوہر احمد زرکزئی، پی آر او ہی ہی مقبول احمد بلوچ، انچارج لائبریری منظور احمد بلوچ و دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے لائبریری میں سردی کی مناسبت سے مطالعے کے شوقین افراد کے لئے بہتری سہولت دینے کی بھی یقین دہانی کروائی اس سے قبل اسسٹنٹ کمشنر خضدار عبدالمجید سرپروان کے آفس میں خضدار پریس کلب کے چیئرمین عبداللہ شاہوانی، پی آر ای خضدار کے سابق پرنسپل محمد عالم جتک، کرخ کے سیاسی رہنما محمد یاسین جتک و دیگر نے ملاقات کی

شمال بقیہ 61

سیاستدان اپنی اپنی سیاست بھول کر عوام کی تکلیف دور کرنے کیلئے اکٹھے ہوں، مجھے امید ہے کہ انشاء اللہ اس میں ضرور کامیابی ملے گی۔ چوہدری شجاعت حسین نے کہا کہ کرپشن صرف رشوت لینے دینے کا نام نہیں بلکہ ذخیرہ اندوزی اور اشیائے ضرورت کی قیمتوں میں من مانی اضافہ بھی ایک قسم کی کرپشن ہے، شخصیات کی کرپشن پر تو سب دھیان دیتے ہیں لیکن ٹیکنیکل طریقے سے کرپشن کرنے والے کو کوئی نہیں پوچھتا۔ انہوں نے کہا کہ کاروباری طبقہ اپنے منافع کا خود تعین کرتا ہے اور بیٹھے بیٹھے ایک آئٹم کی قیمت سو روپے سے بڑھا کر دو سو روپے کردیتا ہے

شمال بقیہ 62

اکمل، چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ہیلتھ اتھارٹی ڈاکٹر محمد اسلم چوہدری، ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر محمد پرویز رانجھا، ڈپٹی پاپولیشن ویلفیئر آفیسر رفعت کمال، ڈاکٹر صدف، ڈاکٹر عظمیٰ عثمان، ڈاکٹر فائزہ حسن اور ڈاکٹر جواد حسن نے اجلاس میں شرکت کی۔ ذیشان جاوید اشرف نے کہا کہ بچوں کی پیدائش میں مناسب وقفہ اور فیملی پلاننگ کیلئے ضلع سیالکوٹ میں بھرپور آگاہی مہم چلائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ تمام فیملی ہیلتھ کلینک اور فیملی ویلفیئر سنٹر، موبائل سروس یونٹ، ایڈوائزری سنٹر فیملی ہیلتھ کلینک ٹریننگ سنٹر سمیت سوشل موبلائزر کو فعال اور متحرک کیا جائے۔

شمال بقیہ 63

جمال شاہ کاکڑ نے مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز شریف کی قیادت میں کوئٹہ آنے والے وفد کو ایئرپورٹ پر رخصت کیا۔ جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی مرکزی قیادت نے کوئٹہ کا دورہ کرکے کئی امور پر گفتگو کی ہے پارٹی کی صوبائی کارکردگی کو حوصلہ افزا ہے بلکہ ہم مزید بہتر بنانے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے انہوں نے کہا کہ 10 جنوری کو نصیر آباد میں پی ڈی ایم کے جلسے میں مسلم لیگ (ن) کے کارکن بھرپور انداز میں شرکت کرکے اسے کامیاب بنائیں انہوں نے کہا کہ 22 کروڑ عوام کی نظریں مسلم لیگ (ن) پر ہیں پارٹی ملک کو آگے لیکر جائیگی اور بحرانوں سے نکال کر ترقی کی راہ پر گامزن کریگی۔

شمال بقیہ 64

حسین شاہ نے اپنے جاری ایک بیان میں کہا کہ مچھ سانحہ نے عمران خان کی اصلیت کو قوم کے سامنے ظاہر کردیا ہے، خان صاحب نے ورلڈ کپ اور شوکت خانم بنا کر جو ساکھ بنائی وہ کھو چکے ہیں، صوبائی وزیر اطلاعات سندھ نے کہا کہ وزیر اعظم ارطغرل کی ٹیم اور یوٹیوبرز سے ملاقاتیں کررہے ہیں لیکن ہزارہ برادری کے لیے ان کے پاس وقت نہیں، ناصر حسین شاہ نے کہا کہ شاید خان صاحب کے پاس ڈرامہ بازوں کی زیادہ اہمیت ہے۔ آج خان صاحب کوئٹہ جانے کے بجائے وسیم اکرم پلس سے ملنے لاہور چلے گئے ہیں

شمال بقیہ 65

طارق علی شاہ، محکمہ خزانہ سندھ کے پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ یونٹ کے سربراہ خالد شیخ، سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ کے مینیجنگ ڈائریکٹر زبیر چنہ اور محکمہ توانائی سندھ کے دیگر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ کراچی میں روزانہ تقریباً 8 ہزار ٹن سالڈ ویسٹ پیدا ہوتا ہے جس سے 200 میگاواٹ تک بجلی پیدا کی جاسکتی ہے۔ اجلاس میں وزیر بلدیات سید ناصر حسین شاہ اور وزیر توانائی امتیاز احمد شیخ نے کہا کہ کچرے سے بجلی بنانے کے منصوبے کی اہم ترین افادیت یہ ہے کہ اس سے کراچی شہر کے کچرے کو ماحول دوست طریقے سے ٹھکانے لگایا جاسکتا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ اس سے بجلی بھی حاصل کی جاسکتی ہے۔

شمال بقیہ 66

اسٹریٹ کریمنلز بابر اور شہزاد کو ایم حیدری پولیس نے الیاس گوٹھ میں سرکاری زمین پر قبضہ کرکے تعمیرات کرنیوالے لینڈ گریبنگ میں ملوث ملزم محمد ولد ولی محمد دوسرا سعید اللہ ولد ابو طاہر کو گرفتار کرلیا سینٹر ان پولیس نے ور محمد اور حسین کو ڈاکس پولیس نے منشیات ڈیلر کمال خان ولد سید نور کو گرفتار کرلیا جبکہ منظور صحت پھالیہ کی ترسیل میں ملوث دو ملزمان شاہ محمد خان اور دوادو کو گرفتار سعود آباد پولیس نے شوکت انصاری کی گٹکا فیکٹری پر چھاپہ مار کر اور گٹکا ماوا کے چھ ملزمان کو گرفتار کرلیا کھوکھرا پار پولیس نے صادق کو لانڈھی پولیس نے سلطان خان کو گرفتار کرلیا

شمال بقیہ 67

نے منصوبے میں رقم لگانے والے 6 سو سے زائد انویسٹرز کو رقم واپس کردی منصوبے میں پیسہ لگانے والوں میں ملکی غیر ملکی، کاروباری شخصیات اور معروف فنکار بھی شامل ہیں رقم واپسی پر فنکاروں کی نیب کارکردگی کی تعریف کی رقم وصول کرنے والی معروف سماجی شخصیت مرزا اختیار بیگ کا کہنا تھا کہ نیب پر ہم تنقید کرتے ہیں اچھے کاموں پر تعریف بھی کرنی چاہیے۔

شمال بقیہ 68

مظلوموں کے زخموں پر ایسے نمک نہیں چھڑکتے، ناجائز، نااہل اور نالائق سلیکٹڈ اپنے اقتدار میں رہنے کے تمام جواز کھو چکے ہیں، دھرنوں سے اقتدار میں آنے والا کٹھ پتلی اب دھرنوں کو بلیک میلنگ قرار دے رہے ہیں۔۔

شمال بقیہ 69

دے دی گئی جو بیڈ گورننس اور کرپشن کی وجہ سے کو پچھلے دور میں بے دفتر کرایا، سپریم کورٹ، سندھ ہائی کورٹ، چیف سیکرٹری، سیکرٹری بلدیات کسی کو کچھ نہیں لا رہے۔ گزشتہ روز کے جاری احکامات تو توہین عدالت کے زمرے میں آتے ہیں۔ اب تک نیب زدہ اور ایف آئی آر میں نامزد افراد نہیں ہٹائے گئے۔ آفیسرز ایکشن کمیٹی نے وزیراعلیٰ سندھ سے سوال کیا کہ کیا ایسے شخص کو جنکی جماعتی وابستگی ایک لسانی جماعت سے ہے کیسے تقرر کیا گیا۔

شمال بقیہ 70

اغوا اور قتل کیس کی سماعت ہوئی، وکیل مدیر بلوچ نے بتایا کہ قتل کے مقدمے کا کوئی چشم دید گواہ عدالت میں پیش نہیں ہوا۔ وکیل کا کہنا تھا کہ کیس میں مدیر بلوچ سمیت 7 ملزمان کو نامزد کیا گیا کس نے قتل کیا استغاثہ اس حوالے سے خاموش ہے، نامعلوم شہری کی لاش پولیس کو ملی مقتول کی کوئی شناخت ظاہر نہیں کی۔ مدیر بلوچ کے وکیل نے کہا کہ قتل کی واردات 13 مارچ 2020 کو ملیر میں ہوئی، مقدمہ 17 مارچ کو درج کیا، پولیس نے سیاسی بنیاد پر میرے موکل کو نامزد کیا جو اس نے جرم کیا ہی نہیں ہے، پولیس اہلکار کے بیان پر میرے موکل کو نامزد کیا گیا۔

NOTICE INVITING TENDER

The Deputy Director, Agriculture (On Farm Water Management) SURAB, invites a sealed Tender/Bid for execution of various works under the project National Program for Enhancing command Area of Barni Areas In Pakistan (Balochistan Component) PSDP No. 2530 [Z2010.1058] 75% Covernment Share & 25% Farmer/Beneficiary Share as per policy, from the interested contractors/firm with the Bid Security @ 2% of estimated cost/offered rate in shape of Call Deposit (Refundable). The non-refundable Tender Form Fee Rs.1000/-to be deposited in any National Bank of Pakistan Branch situated in Balochistan Province through Green Bank Challan in a head of account (C03136) (verified by the District Accounts Officer) TSE180677. Bid Security (2%)For each work.

S#	Name of Work/s	E/cost
1.	Construction of farm ponds (120'x120'x4.75' each) [1 nos]	0.967
2	Installation of solar pumping system 2 hp [1 nos]	0.477
3	Installation of solar pumping 5 hp [1 nos]	1.158
4	Development of dug wells [1 nos]	0.819
5	Construction of water courses 1000 rft each scheme (each) [4 nos]	3.257
6	Provision of low delta fruit plants [6 acres]	0.141

Procurements shall be made under BPP Rules 2014.**Eligibility of Bidders:**a. Registration with Pakistan Engineering Council 2020 in relevant category i.e. C-6 or with Specialization Codes EE11, CE04, CE09 & CE10.Registration with relevant taxation departments FBR, NTN & BRA (where applicable).The Contractors/Firms should be on Active Taxpayers List (ATL) of FBR/BRA. The bidder must have completed at least 03 relevant projects in the past 03 years.The bidder must have installed at least 3 solar pumping system for agriculture purpose in the past 03 years.Turnover of last 3 years showing financial capacity of the firm with average annual turn of Rs. 10.00 Million or above.The Contractor/Firm must submit the latest Bank credit line certificate / Bank Statement and audit Balance sheet of Last three years and proof of their Tax Returns (Whether they are Filer or Non-Filer) are eligible to provide services to Government department.Affidavit confirming that: (a) applicant firm(s)/joint venture(s) have never been blacklisted by any government department and/or by any government owned company/ foundation/ authority (If ever black listed, then provide the case history and current status of the firm regarding this decision) and nor in any litigation; and (b) all the information provided by the applicant firm/joint venture are correct. History of litigation (if any) in courts or any arbitration proceedings shall also be provided.**Method of Procurement:** Single Stage-Two Envelope Procedure.**Bid Security:** The bids must accompany Bid Security (2%) in the form of Call Deposit or Bank Guarantee (Bank's certificate is mandatory) of amount specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank.**Tender Documents:** The bidding documents can be downloaded from BPPRA website. **Bid Validity Period: 90 days.Issuance of tender Documents:** From the date of publication, during office hours of any working day.Last Date of bid submission: The Tenders should be submitted on **22-01-2021** till 11:00 AM Sharp at the office of the undersigned.**Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 12:00 PM. **Stamp Duty:** The successful bidder must submit the Stamp Duty in shape of Judicial Stamp Paper or Special Adhesive Stamps @ 0.25% of total tender cost. **Address:** Office the Deputy Director Agriculture On Farm Water Management, SURAB.**Note:**The Tender Opening Committee/Bid Evaluation Committee reserves the right (Delegated by the BPPRA Rules 2014) that either accept or reject any or all the offers/quotations prior to the acceptance of a bid. Contact No.+92313-8481838.

Deputy Director Agriculture
On Farm Water Management
SURAB

PRQ No.1761/07.01.2021

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

The Executive Engineer Maintenance Division-I, Quetta invites sealed percentage tender based on Composite Schedule of rates 2018,G.O.B.amended up-to date from interested contractors /firms for the work Listed below; Earnest Money 3%, Tender Fee Rs.3000/-And Completion 30 june 2021 for the work.

S. No.	Name of Work	E/Cost
1	Construction of day care center at civil secretariat quetta. Psdp 299.**TSE180667**.	24.509- (M)

The Procurement Shall be carried out in accordance with Baluchistan Public Procurement Regulatory Authority Rules, 2014. **BASIC ELIGIBILITY;**T he Contractor must have valid registration with Pakistan Engineering Council in relevant Category C-6 or above in relevant discipline and registration with tax authorities i.e. (NTN and sales Tax Department), where applicable.Relevant Work Experience (any relevant work completed in last three year).Turn-over of Last Three Year.**METHOD OF PROCUREMENT;** Single Stages-One envelope Building Procedure.**BIDDING/TENDER DOCUMENTS;Issuance;** The Consultants/firms having registered with PEC in aforementioned category in relevant discipline can obtain the bidding documents from the address mentioned below on production of green challan form for an amount of Rs.3000 (Non Refundable) deposit in the head of account C-02716 through Government Treasury / National Bank of Pakistan or can be downloaded from website of BPPRA. From the date of publication of this invitation in newspapers till one day prior to the last date of Submission. The contractors/firms who obtain bidding documents by downloading them from BPPRA website will also be required to produce deposited green Challan from of above mentioned fee. The documents if required by mail will be promptly dispatched by registered mail for witch cost of mail will be borne by the applicant, however, under no circumstances the Procuring Agency will be held responsible for late delivery or loss of the documents so mailed. Earnest Money as mentioned above should be submitted in the form of bank guarantee or Deposit at call from a Scheduled Bank. **Dead Line of Submission**; The Bidding Documents duly filled and attached with copies of supporting documents must be delivered in sealed envelopes by hand or through registered mail to the address mentioned below on or before **22, January , 2021** at 11:00 Hrs.**Opening:** The tender document will be opened on **22, January,2021** at 12:00 Hrs, Procurement Committee in the presence of contractors or their authorized representatives/agents.**Bid validity;** Ninety (90) Days.**Place of issuance and submission will be;**Address;Office Address, Maintenance Division-I, Quetta. Telephone No ; 9202438, E- Mail Address ; QA4541@bppra.org.pk.**Terms and Conditions;** are mentioned (Incorporated) in detail in bidding document.

Executive Engineer
Maintenance Division-I,Quetta

PRQ No.1797/08.01.2021

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے صوبائی وزراء اراکین صوبائی اسمبلی و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعظم نے ہمیشہ پسماندہ علاقوں کی ترقی پر فوقیت دی ہے، شہزاد ارباب

افغانستان کے لئے پاکستان کی نئی ویزا پالیسی سے طویل مدتی تعلقات کو مزید مستحکم بنانے میں مدد ملے گی

ہمسایہ ممالک کے مابین تجارتی حجم میں اضافے سے معیشت مستحکم اور مقامی آبادی کو روزگار کے بہتر مواقع میسر آئیں گے، گفتگو

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعظم کے معاون خصوصی برائے اسٹبلشمنٹ محمد شہزاد ارباب کی سربراہی میں پارلیمانی وفد کی وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال سے ملاقات۔ وفد میں وزیر اعظم کے نمائندہ خصوصی برائے افغانستان محمد صادق، اراکین قومی اسمبلی شاہدہ اختر، مولانا صلاح الدین ایوبی، نفیسہ عنایت اللہ خان خٹک، ڈاکٹر حیدر علی خان و دیگر حکام شامل تھے ملاقات میں چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن ریٹائرڈ فضیل اصغر بھی موجود تھے۔ ملاقات میں پاک افغان بارڈر چمن کی صورتحال اور بارڈر ایریاز پر عوام کو درپیش مسائل کے حل پر تبادلہ خیال کیا گیا اور تمام بارڈر ایریاز کی ترقی کے لئے خصوصی پیکیج مرتب کرنے پر اتفاق۔ وزیر اعلیٰ
بقیہ نمبر35 صفحہ3 پر

کوئٹہ: ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کا مرکزی کونسل کے اجلاس کی صدارت چیئرمین عبدالخالق ہزارہ کر رہے ہیں

مودی کی کسان دشمن پالیسیوں کے ستائے کسان دہلی کی سرحد پر دھرنا دیئے، ریلیف کے منتظر ہیں، رانا تنویر حسین

پاکستان میں ہزارہ برادری اپنے مقتولین کی نعشیں سڑک پر رکھ کر دادرسی کی دہائی دے رہی ہے

ملک کا وزیر اعظم تسلی تشفی دینے کیلئے ان کی طرف رخ کرنے کو تیار نہیں، چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی

شیخوپورہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی سینئر رہنما و چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی رانا تنویر حسین ایم این اے نے کہا ہے کہ مودی کی کسان دشمن پالیسیوں کے ستائے کسان دہلی کی سرحد پر دھرنا دیئے، ریلیف کے منتظر ہیں اور بے حس حکومت ٹس سے مس نہیں ہو رہی تو پاکستان میں ہزارہ برادری اپنے مقتولین کی نعشیں سڑک پر رکھ کر دادرسی کی دہائی دے رہی ہے اور ملک کا وزیر اعظم انہیں تسلی تشفی دینے کیلئے انکی طرف رخ کرنے کو تیار نہیں، انا متاثرہ خاندانوں کو
بقیہ نمبر48 صفحہ3 پر

علی زیدی نے مچھ متاثرین کیلئے تیار معاہدہ ٹوئٹر پر جاری کر دیا

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر بحری امور علی زیدی نے سانحہ مچھ متاثرین کے لیے تیار کیا گیا معاہدہ ٹوئٹر پر جاری کر دیا۔ علی زیدی نے لکھا کہ یہ رہے مطالبات اور یہ رہا معاہدہ جو پچھلے 2 دن سے تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ انسانی جان کی کوئی قیمت نہیں ہے لیکن پھر بھی ہم معاوضے کی رقم کافی بڑھا دی ہے۔ علی
بقیہ نمبر47 صفحہ3 پر

عوام کے حقوق اور مفادات کیلئے ہم نے ہمیشہ ہر فورم پر آواز بلند کی ہے، یونس زہری

جے یو آئی ملک میں جمہوریت، آئین و قانون کی بالادستی کے لئے جس پیمانے کا جدوجہد کر رہی ہے وہ تاریخ میں سنہرے حروف سے لکھے جائیں گے

سیاسی معاملات اور اتار و چڑھاؤ کو کسی بھی طرح عوام کے حقوق کے درمیان حائل رکاوٹ نہیں بننا چاہیے، رکن بلوچستان اسمبلی

خضدار (این این آئی) رکن بلوچستان اسمبلی میر یونس عزیز زہری نے کہا ہے کہ عوام کے حقوق اور مفادات کے لئے ہم نے ہمیشہ ہر فورم پر آواز بلند کی ہے یہ سیاسی جدوجہد ہماری جاری رہے گی۔ سیاسی معاملات اور اتار و چڑھاؤ کو کسی بھی طرح عوام کے حقوق کے درمیان حائل رکاوٹ نہیں بننا چاہیے۔ جے یو آئی ملک میں جمہوریت، آئین و قانون کی بالادستی کے لئے جس پیمانے کا جدوجہد کر رہی ہے وہ تاریخ میں سنہرے حروف
بقیہ نمبر36 صفحہ3 پر

ڈیرہ اللہ یار: محکمہ لوکل گورنمنٹ اور ضلع کونسل کے فورتھ کلاس ملازمین تنخواہوں میں تاخیر اور کٹوتی کیخلاف احتجاجی مظاہرہ کر رہے ہیں

قومی و صوبائی اسمبلیوں کے ضمنی انتخابات کے حوالے سے انتخابی فہرستوں میں رائے دہندگان کے اعداد و شمار جاری

پشاور (آن لائن) الیکشن کمیشن آف پاکستان کے شعبہ الیکٹورل رولز کی جانب سے قومی و صوبائی اسمبلیوں کے ضمنی انتخابات کے حوالے سے انتخابی فہرستوں میں درج مرد و خواتین رائے دہندگان کے اعداد و شمار جاری کر دیے گئے ہیں۔ خیبر پختونخوا کے حلقہ این اے
بقیہ نمبر51 صفحہ3 پر

شرمیلا فاروقی نے لیاری کے فنکاروں کو سندھ اسمبلی بلا لیا

کراچی (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما اور رکن سندھ اسمبلی شرمیلا فاروقی نے لیاری کے نوجوان فنکاروں کو سندھ اسمبلی مدعو کر کے ان کی صلاحیتوں کی تعریف کر دی۔ شرمیلا فاروقی نے مائیکرو بلاگنگ سائٹ ٹوئٹر پر ایک تصویر شیئر کی جس میں ان کے ہمراہ کچھ
بقیہ نمبر52 صفحہ3 پر

ہم سانحہ مچھ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں

سانحہ مچھ بہت بڑا سانحہ ہے ہم ہزارہ برادری کے غم میں برابر کے شریک ہیں، غلام حسین لاشاری

اوستہ محمد (این این آئی) سیاسی سماجی رہنما غلام حسین لاشاری قلب عباس لاشاری زہیم حسین اطہر زینب نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ہم سانحہ مچھ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں سانحہ مچھ بہت بڑا سانحہ ہے ہم ہزارہ برادری کے غم میں برابر کے شریک ہیں انہوں نے کہا کہ گزشتہ پانچ روز سے ہزارہ برادری کی میتیں پڑی ہوئی ہیں جن کہ قابل افسوس بات ہے اس واقع میں ملوث دہشت گردوں کو فوری طور پر گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گزشتہ کئی دہائیوں
بقیہ نمبر58 صفحہ3 پر

پولیو کے خاتمے کے لیے ہمیں زندہ قوم ہونے کا ثبوت دینا ہوگا، عابد سلیم قریشی

ایک قوم بن کر اس پولیو کے خلاف جہاد کو ہر صورت کامیاب بنانا ہوگا، کمشنر نصیر آباد ڈویژن

نصیر آباد (این این آئی) کمشنر نصیر آباد ڈویژن عابد سلیم قریشی نے کہا ہے کہ پولیو کے خاتمے کے لیے ہمیں زندہ قوم ہونے کا ثبوت دینا ہوگا اور ایک قوم بن کر اس پولیو کے خلاف جہاد کو ہر صورت کامیاب بنانا ہوگا تاکہ ہم آنے والی نسلوں کو صحیح معنوں میں اپنے پاؤں پر کھڑا کر سکیں ڈویژن بھر سے پولیو کے خاتمے کے لئے محکمہ صحت کے آفیسران اور دیگر ملازمین کو مزید بہتر انداز میں کام کرنے کی اشد ضرورت ہے تاکہ ہم اس مرض کو جڑ سے اکھاڑ دیں جب تک ہم سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کریں گے تب تک یہ وائرس ہمارے بچوں کو یونہی اپاہج کرتا رہے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے انسداد پولیو مہم کے حوالے سے ڈویژنل ٹاسک فورس میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

پنجاب میں کورونا کے مریضوں کی تعداد 143,511 ہوگئی ہے، فردوس عاشق اعوان

صوبے میں 24 گھنٹے میں کورونا کے 676 نئے مریض رپورٹ، 4,221 مریضوں کی اموات ہو چکی ہیں، معاون خصوصی

سرگودھا (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب کی معاون خصوصی برائے اطلاعات ڈاکٹر فردوس عاشق اعوان نے بتایا کہ پنجاب میں کورونا کے مریضوں کی تعداد 511.143 ہوگئی ہے اور 24 گھنٹے میں کورونا کے 676 نئے مریض رپورٹ ہوئے جبکہ پنجاب میں کورونا سے 221.4 مریضوں کی اموات ہو چکی ہیں۔ معاون خصوصی ڈاکٹر فردوس عاشق اعوان نے بتایا کہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا کے 18 مریض جاں بحق ہوئے اور اس دوران کورونا کے 804.14 ٹیسٹ کئے گئے۔ ڈاکٹر فردوس عاشق اعوان نے کہا کہ پنجاب میں اب تک 879.565.2 کورونا ٹیسٹ کئے جا چکے ہیں۔

مچھ واقعے کے خلاف احتجاج: کراچی میں مظاہرین اور شہریوں میں تصادم، 6 موٹرسائیکلیں نذر آتش

کراچی میں 30 اور اندرون سندھ 40 مقامات پر دھرنے، ہزاروں مسافر اور مال بردار گاڑیاں پھنس گئیں

کراچی (این این آئی) کراچی میں مچھ واقعے کے خلاف احتجاج و دھرنوں کا سلسلہ جاری ہے، جس کی وجہ سے ٹریفک کی روانی متاثر ہونے سے شہریوں کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جبکہ ناظم آباد خان کے مقام پر مظاہرین اور عوام کے درمیان تصادم کے بعد 6 موٹرسائیکلوں کو نذر آتش کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے ضلع بولان کے علاقے مچھ میں پیش آنے والے واقعے میں 11 کان کنوں کے قتل پر لواحقین و ہزارہ برادری کی بڑی تعداد کوئٹہ کے مغربی بائی پاس پر مسلسل پچھلے روز دھرنا دیے ہوئے ہے اور ان کا مطالبہ ہے کہ وزیر اعظم کی آمد تک پیاروں کی تدفین نہیں کریں
بقیہ نمبر40 صفحہ3 پر

پاک افغان فرینڈشپ گروپ کی ایگزیکٹو کمیٹی کا دورہ چمن کا خیر مقدم کرتے ہیں، عبدالرحیم کاکڑ

وفاقی حکومت سے کہ پاک افغان بارڈر اور تفتان بارڈر جلد سے جلد کھولنے کا احکامات جاری کرے، بیان

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی انجمن بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ حضرت علی اچکزئی قیوم آغا امیر یاسین میرگل شاہجان ترین ظفر کاکڑ تقیب کاکڑ ملا اللہ نور تقیبی صدیق یوسفزئی سید تحت مرکزی انجمن تاجران چمن کے صدر صادق اچکزئی حاجی قیوم اچکزئی موسیٰ جان نادر قصاب و دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ پاک افغان فرینڈشپ گروپ کی ایگزیکٹو کمیٹی کا دورہ چمن کا
بقیہ نمبر41 صفحہ3 پر

لورالائی شہر میں سرکاری فنڈز ترقیاتی منصوبوں کے نام پر لوٹا جا رہا ہے، عوامی حلقے

نئے سڑکوں سمیت مختلف نوعیت کے ترقیاتی منصوبوں اور اطراف کی گلیوں کی تعمیر میں غیر معیاری میٹریل کا فوری نوٹس لیا جائے، بیان

لورالائی (این این آئی) لورالائی شہر میں سرکاری فنڈز ترقیاتی منصوبوں کے نام پر لوٹا جا رہا ہے نئے سڑکوں سمیت مختلف نوعیت کے ترقیاتی منصوبوں اور اطراف کی گلیوں کی تعمیر میں غیر معیاری میٹریل کا فوری نوٹس لیا جائے اس وقت جلد بازی میں سڑکیں تعمیر کر کے صرف کام مکمل کر کے پیسے ہڑپ کیے جا رہے ہیں اور شہری اور دیگر عام سڑکیں کسی بھی علاقے کی ترقی اور خوبصورتی میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں لیکن لورالائی میں کروڑوں روپے
بقیہ نمبر44 صفحہ3 پر

سانحہ مچھ واقعے کے خلاف سندھ بار کونسل کی اپیل پر وکلا کی ہڑتال

کراچی (این این آئی) سانحہ مچھ واقعے کے خلاف سندھ بار کونسل کی اپیل پر سندھ ہائیکورٹ، کراچی بار ایسوسی ایشن، ملیر بار، دیگر عدالتوں میں وکلا کی جانب سے ہڑتال کی گئی۔ وکلا کی ہڑتال کے پیش نظر کیسز کی سماعت نہ ہو سکی اور نئی تاریخ دے دی گئی عدالتوں میں پیش پر آنے والے سائلین کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا
بقیہ نمبر46 صفحہ3 پر

موسم سرما میں گیس اور بجلی کی مسلسل لوڈشیڈنگ بھی شدت اختیار کر گیا ہے، ڈاکٹر قاسم بلوچ

اہلیان سریاب نان شبینہ کے محتاج ہو چکے ہیں اور وہ شدید اذیت میں مبتلا سڑکوں پر سراپا احتجاج ہیں، بیان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان غریبوں کی پارٹی کے چیئرمین ڈاکٹر قاسم بلوچ نے شفیع کالونی یونٹ کا افتتاح کرتے ہوئے کہا ہے کہ موسم سرما میں گیس اور بجلی کی مسلسل لوڈشیڈنگ بھی شدت اختیار کر گیا ہے جس کی وجہ سے اہلیان سریاب نان شبینہ کے محتاج ہو چکے ہیں
بقیہ نمبر49 صفحہ3 پر

برقی لائنوں کی مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی

09 جنوری کو سریاب گرڈ اسٹیشن کے نیو جان محمد فیڈر سے صبح 11 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی بند رہے گی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق برقی لائنوں کے مرمتی کاموں کے سلسلے میں 09 جنوری کو سریاب گرڈ اسٹیشن کے نیو جان محمد فیڈر سے صبح 11 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی بند رہے گی۔ اسی طرح 10 جنوری
بقیہ نمبر50 صفحہ3 پر

سبی: جمعیت علماء اسلام کے مرکزی جنرل سیکرٹری سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

دفتر جاموٹ قومی موومنٹ پر حملہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، ماما عبدالستار ہنگورگی

یہ حملہ جاموٹ قومی موومنٹ کے دفتر پر نہیں بلکہ تمام سیاسی پارٹیوں پر حملہ تصور کرتے ہیں یہ ہماری سیاسی درسگاہیں ہیں، بیان

بھاگ (این این آئی) آل پارٹیز تحصیل بھاگ کا اجلاس زیر صدارت ماما عبدالستار ہنگورگی منعقد ہوا جس میں جمعیت علماء اسلام پیپلز پارٹی جاموٹ قومی موومنٹ بولان یوتھ اتحاد جمہوری وطن پارٹی جمعیت علماء، پاکستان بازار یونین ہندو پنچایت ایف سمیت تمام طبقہ فکر کے لوگوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی اجلاس سے اظہار کرتے ہوئے ماما عبدالستار ہنگورگی کامریڈ نور احمد جاموٹ مولانا محمد یوسف گوپانگ غلام حسین بلوچ گل محمد ہانبھی نور محمد ہانبھی کامریڈ منظور احمد خدا بخش مغیری مقصود احمد ہانبھی وڈیرہ مغل ابڑو تجمل احمد ابڑو صدر راغان ابوبڑو و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ
بقیہ نمبر54 صفحہ3 پر

وفاقی حکومت بے حسی کا مظاہرہ کر رہی ہے اسکی مثال نہیں ملتی، حاجی علی مدد جتک

وزیر اعظم عمران خان نے ہزارہ برادری کے احتجاج کو بلیک میلنگ کا نام دے کر پوری قوم کے زخموں پر نمک پاشی کر دی ہے، بیان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ وزیر اعظم عمران خان نے ہزارہ برادری کے احتجاج کو بلیک میلنگ کا نام دیکر پوری قوم کے زخموں پر نمک پاشی کر دی ہے جس طرح وفاقی حکومت بے حسی کا مظاہرہ کر رہی ہے اسکی مثال نہیں ملتی، وزیر اعظم بیان واپس لیکر ہزارہ کمیونٹی سے معافی مانگیں۔ یہ بات انہوں نے اپنے ایک
بقیہ نمبر57 صفحہ3 پر

صوبائی وزیر ریونیو سلیم احمد کھوسہ محکمے کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

عذیر بلوچ کیخلاف شہری کے اغوا و قتل کیس کا فیصلہ محفوظ

پولیس نے سیاسی بنیاد پر میرے موکل کو نامزد کیا جو اس نے جرم کیا ہی نہیں ہے، عذیر بلوچ کے وکیل کا موقف

کراچی (این این آئی) عذیر بلوچ کے خلاف شہری کے اغوا اور قتل کیس میں طرفین کے وکلا کے حتمی دلائل مکمل ہونے پر فیصلہ محفوظ کرلیا گیا۔ مقدمے کا کوئی چشم دید گواہ عدالت میں پیش نہیں ہوا۔ جوڈیشل کمپلیکس کراچی میں ایڈیشنل سیشن جج کی عدالت میں شہری کے
بقیہ نمبر70 صفحہ3 پر

کراچی کی باگ ڈور ایسے شخص کو دے دی گئی جس نے کے ایم سی کو پچھلے دور میں بے دست کر دیا، ارباب جعفری

کراچی (این این آئی) آفیسرز ایکشن کمیٹی کی نائب صدر اور کراچی کی صدر ارباب جعفری، اراکین کراچی کمیٹی نے کہا ہے کہ کراچی کی باگ ڈور ایسے شخص کو
بقیہ نمبر69 صفحہ3 پر

10 جنوری کو نصیر آباد میں پی ڈی ایم تاریخی جلسہ کرے گی، جمال شاہ کاکڑ

مسلم لیگ (ن) کے تمام کارکن جلسے میں بھرپور انداز میں شرکت کر کے اسے کامیاب بنائیں، سابق اسپیکر

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی صدر و سابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ 10 جنوری کو نصیر آباد میں پی ڈی ایم تاریخی جلسہ کرے گی مسلم لیگ (ن) کے تمام کارکن جلسے میں بھرپور انداز میں شرکت کر کے اسے کامیاب بنائیں، ملک کا مستقبل مسلم لیگ (ن) کے ساتھ منسلک ہے یہ بات انہوں نے جمعہ کو اپنے ایک بیان میں کہی، قبل ازیں
بقیہ نمبر63 صفحہ3 پر

ہزارہ برادری کی کلنگ اندرون سے زیادہ بیرون کا معاملہ ہے، فواد چوہدری

بلوچستان میں دہشت گردی میں باقاعدہ بیرونی ہاتھ ہے، پی ٹی آئی کی حکومت نہیں ماضی میں بھی ایسی سازشیں ہوتی رہیں

مظاہرین کے ساتھ معاملات اچھے ہینڈل نہیں ہوئے جتنے ہونے چاہیے تھے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر سائنس و ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے کہا ہے کہ ہزارہ برادری کی کلنگ ایک پیچیدہ معاملہ ہے۔ ہزارہ برادری کی کلنگ اندرون سے زیادہ بیرون کا معاملہ ہے۔ ایک انٹرویو میں فواد چوہدری نے کہا کہ وزیر اعظم عمران خان کوئٹہ جا رہے ہیں انہیں جانا بھی چاہیے، ماضی کی نسبت آج کے حالات مختلف ہے، ریاست نے ایسے اقدامات کیے جس کی وجہ سے حالات بہتر ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ
بقیہ نمبر38 صفحہ3 پر

ڈیرہ اللہ یار: مچھ سانحہ کے شہیدوں کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے سول سوسائٹی کے نمائندے شمع روشن کیے ہوئے ہیں

ہزارہ برادری سے اپیل کرتا ہوں، شہیدوں کی تدفین کر دیں، سید ناصر حسین شاہ

مظلوم خاندان بے حس اور سفاک حکومت کے آسرے میں نہ رہیں، صوبائی وزیر اطلاعات سندھ

کراچی (این این آئی) اطلاعات، بلدیات، جنگلات و مذہبی امور سید ناصر حسین شاہ نے سندھ اسمبلی کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ہزارہ برادری کو اپیل کی ہے کہ وہ اپنے پیاروں کی تدفین کر دیں، بے حس اور سفاک حکومت کا آسرہ چھوڑ دیں، انہوں نے کہا کہ شہیدوں کی تدفین کے بعد ہزارہ برادری عمران خان کو نہ آنے دے، صوبائی وزیر اطلاعات سید ناصر
بقیہ نمبر64 صفحہ3 پر

کچرے سے بجلی بنانے کے منصوبے پر محکمہ توانائی اور محکمہ بلدیات سندھ مشترکہ طور پر کام کریں گے، امتیاز شیخ

کراچی میں روزانہ 8 ہزار ٹن کچرا پیدا ہوتا ہے جس سے 200 میگاواٹ تک بجلی حاصل کی جا سکتی ہے، اجلاس میں بریفنگ

کراچی (این این آئی) کراچی میں کچرے سے بجلی بنانے کے منصوبے کو جلد از جلد قابل عمل بنانے کے لیے سندھ کے وزیر بلدیات، اطلاعات، مذہبی امور اور جنگلات سید ناصر حسین شاہ اور وزیر توانائی سندھ امتیاز احمد شیخ کی مشترکہ صدارت میں ایک اجلاس آج محکمہ توانائی سندھ کے دفتر میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکریٹری بلدیات سندھ نجم شاہ، سیکریٹری توانائی سندھ
بقیہ نمبر65 صفحہ3 پر

وزیر اعظم کا ہزارہ برادری پر بلیک میلنگ کا الزام شرمناک ہے، مولا بخش چانڈیو

ناجائز، نااہل اور نالائق سلیکٹڈ اپنے اقتدار میں رہنے کے تمام جواز کھو چکے ہیں، رہنما پیپلز پارٹی

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات سینیٹر مولا بخش چانڈیو نے کہا ہے کہ وزیر اعظم کا ہزارہ برادری پر بلیک میلنگ کا الزام شرمناک ہے، انہوں نے ثابت کر دیا وہ تاریخ کے سب سے زیادہ کٹھور دل وزیر اعظم ہیں۔ مولا بخش چانڈیو نے وزیر اعظم عمران خان کے بیان پر رد عمل دیتے ہوئے کہا کہ عوام کے ووٹوں سے آنے والے وزیر اعظم
بقیہ نمبر68 صفحہ3 پر

اسپورٹس کو ترقی دینے سے معاشرہ ایک بہتر سمت پر گامزن ہو سکتا ہے، عبدالرزاق ساسولی

کھیلوں سے وابستہ افراد کی حوصلہ افزائی ہو تاکہ نوجوان نسل تعمیری سرگرمیوں میں مصروف ہو کر اپنے آنے والے کل کو محفوظ بنا سکیں، بیان

پنجگور (این این آئی) ڈپٹی کمشنر پنجگور عبدالرزاق ساسولی نے کہا ہے کہ اسپورٹس کو ترقی دینے سے معاشرہ ایک بہتر سمت پر گامزن ہو سکتا ہے موجودہ حکومت کی یہ کوشش ہے کہ کھیلوں سے وابستہ افراد کی حوصلہ افزائی ہو تاکہ نوجوان نسل تعمیری سرگرمیوں میں مصروف ہو کر اپنے آنے والے کل کو محفوظ بنا سکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈی ایف اے کے دفتر کے دورے کے
بقیہ نمبر42 صفحہ3 پر

سعودی ولی عہد اور امیر قطر کی ملاقات پورے عالم اسلام کیلئے سنگ میل ثابت ہوگی، عبدالخبیر آزاد

لاہور (این این آئی) چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی پاکستان و خطیب و امام بادشاہی مسجد لاہور مولانا سید عبدالخبیر آزاد نے کہا ہے کہ سعودی ولی العہد پرنس محمد بن سلمان اور امیر قطر تمیم بن حمد آل ثانی کی ملاقات تمام خلیجی ممالک اور پورے عالم اسلام کے لیے
بقیہ نمبر43 صفحہ3 پر

سانحہ مچھ ایک دلخراش واقعہ جسکی جتنی مذمت کی جائے کم ہے، مولانا غلام قادر قاسمی

ہزارہ برادری کو ہمیشہ سے ٹارگٹ کیا جا رہا ہے وزیر اعظم کا میتیں دفنانے کی شرط پر آنا عجیب فیصلہ ہے، بیان

لسبیلہ (این این آئی) جمعیت علما اسلام کے مرکزی نائب امیر و امیر لسبیلہ مولانا غلام قادر قاسمی کی لسبیلہ پریس کلب حب کے سامنے قائم سانحہ مچھ کے خلاف احتجاجی کیمپ آمد مجلس وحدت المسلمین کے رہنماؤں سے اظہار یکجہتی اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے مولانا غلام قادر قاسمی نے کہا کہ سانحہ مچھ ایک دلخراش واقعہ جسکی جتنی مذمت کی جائے کم ہے ہزارہ برادری کو ہمیشہ سے ٹارگٹ کیا جا رہا ہے وزیر اعظم کا میتیں دفنانے کی شرط پر آنا عجیب فیصلہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکمرانوں کی مثال شتر مرغ کی طرح ہے جو پاس سے اونٹ اور پروں سے پرندہ لگتا ہے اسکو اگر کہا جائے کہ اڑ جاؤ تو کہتا ہے میرے پاس دیکھو میں اونٹ ہوں اونٹ کیسے اڑ سکتا ہے اور اگر کہا جائے کہ اگر اونٹ ہو تو یہ وزن اٹھاؤ تو کہتا ہے میرے پروں کو دیکھو میں پرندہ ہوں وزن کیسے اٹھا سکتا ہوں۔

لاہور چیمبر کا ٹریکٹر کے درآمد شدہ پارٹس کی ویلیو ایشن میں بھاری اضافی ڈی الفو واپس لینے کا مطالبہ

لاہور (این این آئی) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے ڈائریکٹر جنرل کسٹمز ویلیو ایشن پر زور دیا ہے کہ وہ ٹریکٹر کے درآمد شدہ پارٹس کی ویلیو ایشن میں بھاری اضافی ڈی الفو واپس لینے کے احکامات صادر کریں۔ شہزاد بٹ کی سربراہی میں پاپیڈا کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے لاہور چیمبر کے صدر میاں طارق
بقیہ نمبر45 صفحہ3 پر

پاکستان کی عوام نے سلیکٹڈ اور سلیکٹرز دونوں کو مسترد کر دیا ہے، مولانا عبدالغفور حیدری

سلیکٹڈ حکومت کا جلد خاتمہ ہوگا، موجودہ حکومت نااہل اور نالائق ہے قوم کو اس نالائق اور نااہل حکمران سے جلد نجات دلائیں گے

پاکستان کی عوام نے سلیکٹڈ اور سلیکٹر دونوں کو مسترد کر دیا ہے پاکستان کی عوام موجودہ حکومت سے اکتا چکی ہے، سینیٹر

سبی (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی جنرل سیکرٹری سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ سلیکٹڈ حکومت کا جلد خاتمہ ہوگا، پاکستان کی عوام نے سلیکٹڈ اور سلیکٹر دونوں کو مسترد کر دیا ہے پاکستان کی عوام موجودہ حکومت سے اکتا چکی ہے پی ڈی ایم کے جلسوں نے ثابت کر دیا کہ حکمران اب ایوانوں میں بیٹھنے کا مینڈیٹ کھو چکے ہیں، حکمران عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں ناکام ہو چکے ہیں، ملک میں مہنگائی اور بے روزگاری عروج پر پہنچ چکی ہے، لوگ خودکشیاں کر رہے ہیں، غریب عوام کی قوت خرید نے جواب دے دیا ہے، سانحہ مچھ کا واقعہ انتہائی افسوسناک ہے، متاثرین ایک ہفتے
بقیہ نمبر37 صفحہ3 پر

اوتھل: محکمہ کھیل حکومت بلوچستان کے زیر اہتمام منعقدہ آل پاکستان جام غلام قادر خان میموریل فٹبال ٹورنامنٹ کے مہمان خصوصی ڈپٹی کمشنر رویز جنگلات لسبیلہ سیف زہری کو پیر قادر شاہ جیلانی شیلڈ پیش کر رہے ہیں

سانحہ کے لواحقین کا مطالبہ ہے کہ وزیر اعظم کوئٹہ تشریف لائیں تدفین کا فیصلہ لواحقین نے کرنا ہے، شیعہ عالم اور امام جمعہ غلام حسنین

کوئٹہ (این این آئی) شیعہ عالم اور امام جمعہ غلام حسنین نے وزیر اعظم عمران خان کے سانحہ مچھ میں جاں بحق افراد کی تدفین کے حوالے سے بیان پر ردعمل میں کہا ہے کہ سانحہ کے لواحقین کا مطالبہ ہے کہ وزیر اعظم کوئٹہ تشریف لائیں ان کا کہنا تھا کہ تدفین کا فیصلہ لواحقین نے کرنا ہے ہم ان کے فیصلے کے تابع ہیں، اور لواحقین کا
بقیہ نمبر53 صفحہ3 پر

پی ڈی ایم کی تحریک کے غبارے سے ہوا نکل چکی ہے، ملک امین اسلم خان

ایک ماہ بعد حکومت تو ضرور رہے گی لیکن پی ڈی ایم ختم ہو جائے گی، وزیر اعظم کے مشیر برائے ماحولیات

بہاولنگر (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان کے مشیر برائے ماحولیات ملک امین اسلم خان نے کہا کہ پی ڈی ایم کی تحریک کے غبارے سے ہوا نکل چکی ہے۔ ایک ماہ بعد حکومت تو ضرور رہے گی لیکن پی ڈی ایم ختم ہو جائے گی۔ یہ بات انہوں نے دورہ بہاولنگر کے موقع پر صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے اس موقع پر گرین اینڈ کلین مہم کے تحت ڈی سی آفس میں پودا بھی لگایا ہے۔ ملک امین اسلم کا کہنا تھا کہ وزیر اعظم عمران خان کی گرین اینڈ کلین مہم کے بہترین نتائج سامنے آ رہے ہیں۔

سیالکوٹ، گاجر کا حلوہ کھانے سے ایک ہی خاندان کے 7 افراد کی حالت نازک، ہسپتال منتقل

سیالکوٹ (این این آئی) بھاگو وال کے علاقہ گھوگا میں گاجر کا حلوہ کھانے سے ایک ہی خاندان کے 7 افراد کی حالت نازک ہو گئی۔ بتایا گیا ہے کہ 55 سالہ مقصود ولد مقبول، 50 سالہ بیگم زوجہ مقصود، 15 سالہ فاطمہ دختر مقصود، 60 سالہ شفیق ولد عمر، 60 سالہ الیاس ولد بہادر
بقیہ نمبر56 صفحہ3 پر

دفتر جاموٹ قومی موومنٹ پر حملہ کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، ماما عبدالستار ہنگورگی

یہ حملہ جاموٹ قومی موومنٹ کے دفتر پر نہیں بلکہ تمام سیاسی پارٹیوں پر حملہ تصور کرتے ہیں یہ ہماری سیاسی درسگاہیں ہیں، بیان

بھاگ (این این آئی) آل پارٹیز تحصیل بھاگ کا اجلاس زیر صدارت ماما عبدالستار ہنگورگی منعقد ہوا جس میں جمعیت علماء اسلام نیشنل پارٹی پیپلز پارٹی جاموٹ قومی موومنٹ بولان یوتھ اتحاد جمہوری وطن پارٹی جمعیت علماء، پاکستان بازار یونین ہندو پنچایت ایف سمیت تمام طبقہ فکر کے لوگوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی اجلاس سے اظہار کرتے ہوئے ماما عبدالستار
بقیہ نمبر55 صفحہ3 پر

خضدار میں قائم شدہ جدید قسم کی لائبریری نے خضدار کو ایک نئی پہچان دی ہے، عبدالمجید سرپرہ

اسٹوڈنٹس اور مطالعے کے شوقین افراد کو بے حد فائدہ پہنچ رہا ہے، اسسٹنٹ کمشنر خضدار

خضدار (این این آئی) اسسٹنٹ کمشنر خضدار عبدالمجید سرپرہ نے کہا ہے کہ خضدار میں قائم شدہ جدید قسم کی لائبریری نے خضدار کو ایک نئی پہچان دی ہے اس سے اسٹوڈنٹس اور مطالعے کے شوقین افراد کو بے حد فائدہ پہنچ رہا ہے، آن لائن اور پرنٹ میں موجود کتابوں کا خزانہ ہماری نئی نسل کے علم و مطالعے کو مزید وسعت دے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے مولانا نور پوری لائبریری خضدار کے دورے کے موقع پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر پی ایم اے خضدار
بقیہ نمبر60 صفحہ3 پر

ڈپٹی کمشنر نے ضلعی بہبود فنڈ بورڈ سیالکوٹ میں دی جانیوالی 1483 درخواستوں کی منظوری دیدی

سیالکوٹ (این این آئی) ڈپٹی کمشنر ذیشان جاوید لاشاری نے ضلعی بہبود فنڈ بورڈ سیالکوٹ میں دی جانے والی 1483 درخواستوں کی منظوری دیتے ہوئے مجموعی طور پر 4 کروڑ 90 لاکھ 5 ہزار 200 روپے کے فنڈز جاری کر دیئے۔ بتایا گیا ہے کہ ضلعی بہبود فنڈ بورڈ کا
بقیہ نمبر59 صفحہ3 پر

پاکستان میں آبادی میں تیزی سے اضافہ کے باعث ملکی مسائل میں بے تحاشا اضافہ ہو رہا ہے، ذیشان جاوید لاشاری

سیالکوٹ (این این آئی) ڈپٹی کمشنر ذیشان جاوید لاشاری نے کہا ہے کہ پاکستان میں آبادی میں تیزی سے اضافہ کے باعث ملکی مسائل میں بے تحاشا اضافہ ہو رہا ہے اور پاکستان کی موجودہ آبادی 21 کروڑ 66 لاکھ 82 ہزار سے تجاوز کر چکی ہے جبکہ ہر روز 11 ہزار 742 بچوں کا اضافہ ہو رہا ہے۔ یہ بات انہوں نے محکمہ بہبود آبادی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل فاروق
بقیہ نمبر62 صفحہ3 پر

اگر حکومت اصل ڈگر سے ہٹ کر گورکھ دھندے میں پڑ گئی تو ڈر ہے، شجاعت حسین

عوام کے مسائل کے حل کیلئے لائحہ عمل میں ہماری جماعت بڑھ چڑھ کر حصہ لے گی چاہے سیاسی نقصان ہی کیوں نہ ہو

جو لاوا غریب آدمی کے اندر پک رہا ہے اس کی زد میں نہ صرف حکمران بلکہ تمام سیاستدان آئیں گے، صدر (ق) لیگ

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ کے صدر و سابق وزیر اعظم چوہدری شجاعت حسین نے کہا ہے کہ بے روزگاری اور تنخواہ دار طبقے کی بہتری اور ان کے مسائل کے حل کیلئے کوئی بھی پارٹی لائحہ عمل بناتی ہے تو پاکستان مسلم لیگ اس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے گی اور ہر قسم کا تعاون کرے گی چاہے اس میں ہمیں سیاسی نقصان ہی کیوں نہ ہو، حکومت ایک سال کیلئے تمام منصوبے ملتوی کر دے غربت دور کرنے کیلئے ایک سال کا شارٹ ٹرم منصوبہ بنائے جس میں تمام مکتبہ فکر کے لوگ باہمی اختلافات اور
بقیہ نمبر61 صفحہ3 پر

اگر تکبر اور ہٹ دھرمی کا کوئی چہرہ ہوتا تو وہ عمران خان جیسا ہوتا، مریم نواز

وزیر اعظم کا بیان انسانیت سے عاری ہے، سلیکٹرز سے سوال کرتی ہوں کہ کیا 22 کروڑ عوام میں یہ ہی ایک سوغات ملی تھی

وزیر اعظم کے پاس کتوں سے کھیلنے اور ڈرامے دیکھنے کا وقت ہے، متاثرین سے بات کرنے کا نہیں، مفتاح اسماعیل کی رہائش گاہ پر پریس کانفرنس سے خطاب

کراچی (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کی نائب صدر مریم نواز نے کہا ہے کہ اگر تکبر اور ہٹ دھرمی کا کوئی چہرہ ہوتا تو وہ عمران خان جیسا ہوتا۔ ہزارہ برادری سے متعلق وزیر اعظم کا بیان انسانیت سے عاری ہے۔ میں سلیکٹرز سے بھی سوال کرتی ہوں کہ کیا 22 کروڑ عوام میں یہ ہی ایک سوغات ملی تھی۔ موجودہ حکومت کی پے در پے غلطیوں پر عوام اب سلیکٹرز سے جواب طلب کر رہے
بقیہ نمبر39 صفحہ3 پر

پولیس نے شہر کے مختلف علاقوں سے قبضہ مافیا، ایرانی ڈیزل اسمگلر منشیات ڈیلر موٹرسائیکل لفٹر سمیت 30 ملزمان کو گرفتار کر لیا

کراچی (این این آئی) پولیس نے شہر کے مختلف علاقوں سے قبضہ مافیا، ایرانی ڈیزل اسمگلر منشیات ڈیلر موٹر سائیکل لفٹر سمیت 30 ملزمان کو گرفتار کر لیا تفصیلات کے مطابق عوامی کالونی پولیس نے موٹر سائیکل لفٹر راحیلہ عرف جانی کو کورنگی انڈسٹریل ایریا پولیس نے
بقیہ نمبر66 صفحہ3 پر

فضائیہ ہاؤسنگ اسکیم کے نام پر عوام سے دھوکہ دہی اور فراڈ کا معاملہ، نیب نے ہڑپ شدہ رقم واپس نکلوا کر شہریوں کے حوالے کر دی

کراچی (این این آئی) فضائیہ ہاؤسنگ اسکیم کے نام پر عوام سے دھوکہ دہی اور فراڈ کا معاملہ، نیب نے ہڑپ شدہ رقم واپس نکلوا کر شہریوں کے حوالے کر دی۔ فضائیہ ہاؤسنگ اسکیم کے متاثرین میں نیب
بقیہ نمبر67 صفحہ3 پر

کمشنر نصیر آباد ڈویژن عابد سلیم قریشی انسداد پولیو مہم کے حوالے سے ڈویژنل ٹاسک فورس کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں